Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ

حضرت سید شاہ محمد قبول بادشاہ حسنی الحسینی قادری چشتی زرین کلاہ گوشہ نشین رحمۃ اللہ علیہ

ارشادات قبول

ترجمہ:

ڈاکٹر حافظ و قاری الحاج سید عبدالمہیمن القادری لاابالی الجیلانی

زیر اہتمام:

سید محمد ابراہیم قادری فاروق پاشاہ زرین کلاہ

سجادہ نشین حضرت گوشہ نشین زرین کلاہؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ

حضرت سید شاہ محمد قبول بادشاہ حسنی الحسینی قادری چشتی زرین کلاہ گوشہ نشین رحمۃ اللہ علیہ

ارشادات قبول

ترجمہ:

ڈاکٹر حافظ وقاری الحاج سید عبدالمہیمن القادری لاابالی الجیلانی

زیر اہتمام:

سید محمد ابراہیم قادری فاروق پاشاہ زرین کلاہ

سجادہ نشین حضرت گوشہ نشین زرین کلاہ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ارشادات قبول

از:

حضرت سید شاہ

محمد قبول بادشاہ حسنی الحسینی قادری چشتی زرین کلاہ

گوشہ نشین رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ:

ڈاکٹر حافظ و قاری الحاج سید عبد المهیمن القادری لا ابالی الجیلانی

سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ، کامل التفسیر، کامل الحدیث و کامل التاریخ جامعہ نظامیہ

و ریسرچ اسکالر۔ ایم اے فارسی مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

زیر اہتمام:

سید محمد ابراهیم قادری فاروق پاشاہ زرین کلاہ

سجادہ نشین حضرت گوشہ نشین زرین کلاہؒ

स्कैन्ड / Scanned

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کتاب کے بارے میں

نام کتاب : ارشاداتِ قبول

تصنیف : حضرت سید شاہ محمد قبول بادشاہ حسنی الحسینی قادری چشتی زرین کلاہؒ

مرتب : سید عبدالمہیمن القادری لاابالی الجیلانی

سنِ اشاعت : ذی الحجہ ۱۴۳۷ھ مطابق ستمبر 2016ء

صفحات : 104

تعداد : 500

کمپیوٹر کمپوزنگ: اطیب اعجاز و شاہ نواز شاہ

اطیب کمپیوٹر گرافکس، چھتہ بازار، حیدرآباد۔2 (انڈیا)

جملہ حقوق قبول مصطفوی اکیڈیمی و مطبع دارالہدیٰ مستعد پورہ کے حق میں محفوظ ہیں

دستیابی:

قبول مصطفوی اکیڈیمی۔ مکان نمبر 22-1-603/1، نورخاں بازار، حیدرآباد۔24

Cell: 98491 63065 , Ph: 040-2457 6832

13-4-486، بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب مستعد پورہ، کاروان، حیدرآباد۔006 500

Cell: 09396354301 , 09391179438

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ابتدائیہ

اللہ تبارک وتعالیٰ جل مجدہ الکریم نے ذاتوں اور قبیلوں کی تقسیم کو انسانی معاشرے میں باہم شناخت کی ضرورت کا لحاظ فرماتے ہوئے مناسب جانا۔ انسان تخصص وتشخص کے لیے جہاں انسان کو اشرف المخلوقات اور احسن التخلیق گردانا وہیں عالم انسانی میں انبیاء ومرسلین علیہم السلام کی فضیلتوں کے اختصاص کو بھی نمایاں کردیا اور ان میں بھی فضیلت کاملہ اور سیرت مطہرہ کی عطا فرمودگی سے خاتم المرسلین رحمۃ للعلمین سرور کونین احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کو جامع الصفاتی کا وہ یگانہ وجوا گانہ مقام عطا فرمایا جس کی نہ کوئی دوسری نظیر موجود ہے اور نہ مثال نہ رہے کسی گمان وامکان کی اب کوئی گنجائش۔

یہ کیسے ممکن تھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پردہ فرمانے کے بعد سیرت وکردار کی جملہ صفات کے اعتبار سے اتباع رسول صلی اللہ تعالیٰ علی وسلم کے اعلیٰ وارفع نمونوں سے دنیا کی نگاہوں کو ہمیشہ کے لیے محروم رکھا جاتا اس لیے اللہ تعالیٰ کی مشیت وحکمت نے سیرت مطہرہ کی اتباعی نوعیت کو قابل عمل ثابت کرنے کے لیے تسلسل وتواتر کے ساتھ ایسی شخصیتوں کو پیدا فرمانے کا اہتمام کیا جو اسوۂ حسنہ کی مناسبت سے حضور

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

صلی اللہ علیہ وسلم کے مکارم عالیہ کے زیادہ سے زیادہ متبع ثابت ہو۔ ایسے ہی بزرگوں کو دُنیا اولیاء اللہ کے نام سے جانتی ہے۔

ان باکمال ہستیوں میں زبدۃ العارفین جگر گوشۂ محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ میرے پڑدادا حضرت سید شاہ محمد قبول بادشاہ حسنی الحسینی قادری چشتی گوشہ نشین زرین کلاہ رحمۃ اللہ علیہ کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ گوشہ نشینی میں بھی تادم حیات ہدایت و تلقین کا چراغ روشن رکھے۔ بڑے بڑے علماء مشائخ امراء شعراء و ادبا آپ سے رجوع ہو کر فیض یاب ہوتے اور دُعا کے مستدعی رہا کرتے تھے۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گنجینۂ علم و عرفان تھی۔ اپنے اسلاف کے اوصاف عالیہ کا آپ مکمل نمونہ تھے۔ آپ کی تحریر کردہ مختلف منظومات وقصائد دعائیہ وارشادات شریعت وطریقت وحقیقت کو ارشادات قبول کے نام سے پہلی بار آپ رحمۃ اللہ علیہ کے مرید خاص قاضی محمد عظیم الدین عرف احمد علی شاہ اورنگ آبادی کی خواہش پر جناب مرزا نھو بیگ قادری نے ۱۳۲۳ھ کو شائع کیا تھا۔ الحمد للہ اب آپ رحمۃ اللہ علیہ کے (۱۰۷) سالہ عرس شریف کے موقع پر اس کی اشاعتِ ثانی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

کتب خانہ ہادی دکن وعربی، فارسی، اُردو ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قام شدہ ۱۸۵۶ء اندرون بارگاہ حضرت وتدد دکن رحمۃ اللہ علیہ المعروف پتھر والے صاحب مستعد پورہ حیدرآباد میں اس کتاب کا مخطوطہ اور ایک مطبوعہ نسخہ موجود محفوظ ہے الحمد للہ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

میں اس موقع پر

مولانا ڈاکٹر حافظ و قاری الحاج سید عبدالمھیمن القادری لا ابالی الجیلانی سجادہ نشین بارگاہ حضرت پتھر والے صاحب قدس اللہ سرہ' کامل التفسیر، کامل الحدیث وکامل التاریخ جامعہ نظامیہ و ریسرچ اسکالر۔ ایم اے فارسی مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کا دل کی گہرائیوں سے ممنون ہوں کہ آپ نے اس میں موجود فارسی کلام وغیرہ کا ترجمہ کیا اور قدیم اُردو کو آسان اُردو میں منتقل بھی کیا۔

میں شکریہ کا مستحق سمجھتا ہوں محمد اسلم احقرؔ صاحب اور جناب حسن شریف (شاہ نواز شاہ) صاحب کو بھی کہ بڑی محنت سے کتاب کی کتابت وطباعت کے مراحل کو بحسن خوبی انجام دیئے۔

بارگاہ رب العزت میں یہ عاجز دُعا گو ہے کہ اللہ تبارد و تعالیٰ بطفیل رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و پیران عظام اس ارشادات کے ذریعہ سب اہل طریقت اور عقیدت مندوں کو صراط مستقیم عطا فرمائے۔ آمین

سید محمد ابراھیم قادری فاروق پاشاہ زرین کلاہ
سجادہ نشین حضرت گوشہ نشین زرین کلاہؒ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

میرے تاثرات

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہ اِلَّا ھُوَالحَیُّ الْقَیُّوم۔ اَشْھَدُاَنْ لَّا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہ، لَاشَرِیْکَ لَہ وَھُوَ عَالِمُ الْمَعْلُوْم وَالْمَعْدُوْم۔ وَاَشْھَدُاَنَّ سَیِّدِنَا وَشَفِیْعِنَا وَحَبِیْبَنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ وَقَوْلُہ، اَصْحَابِیْ کَانجومِ وعلیٰ اٰلِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَذُرِّیَتِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَھُمْ مِصْبَاحُ الْعُلُوْم

رسول کی مکی ومدنی، بنیٔ عربی، قریش و ہاشمی، مجازی وتہامی، مفری وترای حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی فیضِ بابرکات سے مکمل استفادہ کرنے والے وہ افراد جنہیں ''صحابہ'' کا نام دیا گیا صحابہ یا اصحاب کے علاوہ کسی اورنام سے نہیں پکارے گئے۔ حضورؐ کی صحبت اور رِفاقت سے بہرہ ور ہوکر وہ صحابہ کہلائے اور اللہ جل جلالہ نے اُن کا تذکرہ حضورؐ کے اسم مبارک کے ساتھ اس طرح فرمایا: مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ أَشِدَّاء عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَاءُ بَیْنَھُمْ تَرَاھُمْ رُکَّعاً سُجَّداً یَبْتَغُوْنَ فَضْلاً مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَاناً سِیْمَاھُمْ فِیْ وُجُوْھِھِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ۔۔۔الخ (الفتح ۲۹:)

خدائے عزوجل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بیان کے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

لئے ''کتاب'' کو ذریعہ بنایا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ علم کے پھیلانے اور اُسے ابدالآباد تک باقی، جاری رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ قرآن حکیم کی حفاظت کا ذریعہ اولاً حفظ قرآن رہا لیکن بعد میں صحابہ کرام وائمہ عظام نے کتابی شکل دینے کا ارادہ فرمایا۔ اس کے بعد ہر علم کو لکھ کر محفوظ کرنے کا سلسلہ اپنی جڑوں کو مضبوط کرتا گیا۔

صوفیائے کرام کو اللہ رب العزت نے جس روحانی علوم سے آگاہی عطا فرمائی ان علوم کو عوام الناس کے لئے فہم کے مطابق سمجھانے کے لئے اولیاء اللہ نے تصنیف وتالیف کے جو عظیم الشان کردار ادا فرمایا ہے اس کی نظیر ملنا ناممکن ہے۔ بہت ہی کم اولیاء ایسے ہیں جو اس میدان میں اپنا قدم نہیں رکھے۔

حضرت سید شاہ قبول بادشاہ الحسنی والحسینی قادری کلاہ پوش زرین قدس اللہ سرہٗ نے اپنے ارشادات سے بندگانِ خدا کو شریعت طریقت حقیقت ومعرفت کی تعلیم وتلقین فرماتے رہے بعدہٗ اسے کتاب کی شکل دے کر ابدالاباد تک کے لئے محفوظ فرمادیا جس کی وجہ سے آج ہم حضرت کے ارشادات سے مستفیض ہورہے ہیں۔

کتب خانہ ہادی دکن وریسرچ انسٹی ٹیوٹ ایک ایسا ادارہ ہے جس میں خصوصاً صوفیائے کرام کی کتب پڑہی زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔ جمادی الاولی میں میرے جدامجد کے 150 سالہ عرس شریف کے موقع کو میں اشاعتی یادگار بنانے کے لئے قدم اُٹھایا اور اپنے نجی مذکورہ کتب خانہ سے کتب کو منتخب کیا جس میں یہ کتاب بھی شامل کی گئی۔ تیار کرنے کے بعد جب میں نے محترم وعزیزم سید فاروق پاشاہ زرین

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کلاہ صاحب کو اطلاع دی تو آپ بے انتہا خوش ہوئے اور حضرت کے عرس شریف کے موقع پر اس کتاب کی رسم اجراء کا اظہار فرمائے۔ چنانچہ اللہ رب العزت کی پوری پوری مدد سے یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچا۔ الحمدللہ۔

کاش! حضرت فاروق پاشاہ صاحب کی طرح اگر ہر خانوادہ اپنے اولیاء اللہ کی انتھک کاوشوں کو منظر عام پر لانے کی کوشش کرے تو میں سمجھتا ہوں کہ کل بروز قیامت اللہ رب العزت اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے اپنے اجداد کی خوشنودی حاصل کرنے کا اس سے بہترین اور کوئی ذریعہ شاید ہی ہو۔

قطمیر غوث اعظمؓ ولطیف لاابالیؒ

سید عبدالمہیمن قادری لاابالی سجاد

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دیباچہ کتاب

قبولیت حمد وثناء مقبول۔ وخصوصیت شکر نعمت مبذول۔ اُس معبود موجود لَمۡ یَزَلۡ وَلَایَزَال ومقصود ومشہود ولاشریک وبے مثال کو شایانِ شانِ کبریائی ہے جس نے اپنے فیضان کاملہ واحسان شاملہ سے حضرتِ انسان خلیفۃ الرحمٰن کے ضمیرِ سراپا تنویر کو لطیفۂ حقایق ربانی۔ وصحیفۂ وقایق حقانی بنایا۔ اور اِس دیباچۂ کتابِ قدرت وکرامت کو بہ تشریف شرفِ قبول اشرف ومشرف فرمایا۔

اَلَا لَہُ الۡخَلۡقُ وَالۡاَمۡرُ۔ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعَالَمِیۡنَ

رباعی

شیونات ربوبیّت مین یکتا ذات باری ہے
شہادت قول اشہدان شریعت میں ہماری ہے
بہ مژدہ جان فزا ہے بہر ارشاد قبول اس کو
زمینِ دل پہ جس کے قلزم اسلام جاری ہے

تحفہ تسلیم وتحیات حُسنِ قبول۔ وہدیہ رحمت وبرکاتِ فیض شمول بر خاتم قدیم رسول کریم مظہر علم علیم۔ مصدر نزول۔ تِلۡکَ آیَاتُ الۡکِتَابُ الۡحَکِیۡم مفتاحِ فتوح فتح المبین۔ سرخیل حضراتِ انبیاءؑ ومرسلینؑ۔ احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی روح پُرفتوح پر معہ آلہ الاطہار واصحابہ الاخبار لیل ونہار گزارنا چاہیے۔ جن کی آداب شرع

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

طریقت' القاب' معارف وحقیقت۔ انوار اصل اصول۔ واسرار ارشادات قبول سے مبین ومبرہن ہیں دَاعِيًا اِلَى اللهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُنِيْرًا

رباعی

اِنّا ارسلنا سے ظاہر ہے رسالت اُن کی
شان ما کانا محمدؐ ہے جلالت اُن کی
کیوں نہ مقبولِ خداوند ہو ارشادِ قبولؔ
امت خاص کو کافی ہے کفالت ان کی

امابعد کمترین افراد ذی علم وہنر۔ خوشہ چین خرمن ارباب خرد پرور خاکِ را قبولانِ بارگاہِ ربِّ اکبر۔ خادم الحفاظ احقر العلماء ابوالبصیر نابینا محمد عمر۔ خدمات عالیات میں طالبان ہدایت وارشادات قبول وسالکان مسالک احکام خدا ورسول کی عرض پرداز وحقیقت طراز ہے کہ اس زمانۂ مسعود اوقات محمود میں ہمارے ہادیٔ مہتد ومہدی مقتدا' نقاوۂ عطرتِ محمدی وفروغ افزائی، چراغِ صبحِ وصالِ احمدی جوہرِ کنوزِ قرانی وخلاصۂ رُموزِ رحمانی۔

شمس الاکوان بدرالاعیان سرِ حلقہ باب مدینۃ العرفان' منظر جلوہ شہو واجب الامکان' شاہ بازاوج تقرب وحدت الوجود۔ سرگروہ سرفرازان سیرابای حصولِ مقصود' شیخ ابوالوقت' سید السادات زبدۂ اصفیائی' رفیع الدرجاتِ صورت نمائی آئینہ علیؓ وبتول' تجلی بخش آفتاب سیرت رسول ﷺ' اعنی حضرت پیر دستگیر' مرشد روشن ضمیر' مولانا واولانا سید شاہ محمد قبول بادشاہ صاحب قبلہ وکعبہ حسنی الحسینی قادری الچشتی

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

البرقی سجادہ، گوشہ نشین خلوت حضور، الہ تاجدار افتخار زرین کلاہ۔ اَرْفَعَ اللّٰہُ ظِلَال کَمَالِہٖ عَلٰی سَائِرِ الْمُرِیْدِیْن وَاَعْلَی اللّٰہُ فُیُوْضَ مِقَالِہٖ اِلٰی یومِ الْقِیَامَۃَ فِیْ زُمْرَۃُ الطَّالِبِیْنَ نے ایک نظم منظوم وعلم نامعلوم، ومطالب غیر مفہوم اسرار طریقت کو پیرایہ شریعت میں بہ اوضاع مختلفہ واوزان متفرقہ زبان اُردو وفارسی میں تطبیق آیات واخبار، ترتیب اشعار وتہذیب آثار تصنیف فرمایا۔ بقول مولانا رومیؒ

بیت

خوشتران باشد که سَرِدِ لبران
گفته آید در حدیث دیگران

ترجمہ:

جو خوشتر ہے وہ دلبروں کو بھی لبھاجائے
دیگر اقوال میں سے کہا گیا ہے
تکلفات تحسین وافرین موجب خوشامد ہے
اچھی وہی بات ہے جو برگزیدہ اِلٰہ ومحمد ﷺ ہے
بقول سعدی شیرازی۔

بیت

وصف ترا گر کند در نه کند اہل فضل
حاجت مشاطه نیست روئی دل آرام را

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ:

تیری تعریف اہل فضل کریں یا نہ کریں

دل کے آرام کے لئے مشاطہ (سنگھار کرنے والی) کی ضرورت نہیں

مولف الکلام نے تفریظ ہذا ابطور دیباچہ یادگارِ اہل روزگار معہ تاریخ مکمل واضح رائے اخوان والاشان کہا۔ فضول گوئی سے کام نہیں راستی کے سوادارین میں نام نہیں۔ بقول مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ

بیت

سخن را زیور جز راستی نیست

جمال مه بجز ناکاستی نیست

ترجمہ:

زیورِ گفتگو سچائی کے سوا کچھ نہیں

خوبصورتی چاند کی خود کو کم کرنے کے سوا کچھ نہیں

غزل مولف

قبول جل وعلی کیوں نہ ہو کلام قبول

ہے لفظ و معنیٰ حق جس کا فیض عام قبول

عیاں ہیں جملہ ارشاد اس میں حرف بہ حرف

کیا ہے نظم ہدایت سے انتظام قبول

بجا فصاحتِ مضموں کے استعاروں پر

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کہ اِس رَوِش سے منزہ ہے یہ نظام قبول
ہدایت اُمت احمد کی رب کو تھی منظور
کِیا مشیت ازلی سے اہتمام قبول
دیا علوم تصوف کے مسئلوں کا جواب
کلام حق سے ہویدا ہے احترام قبول
ولا بشرط خلوص وعقیدت وانصاف
نظر ضرور ہی حاصل ہوتا مقام قبول
قبولیت سے جو مقبول حق ہے نابیناؔ
قسم خدا کی یہ پا ہے فیض عام قبول

رباعی تاریخ طبع

اصل ایمان کلمۂ نظم قبول
عین عرفان کلمۂ نظمِ قبول
مصرعۂ تاریخ نابیناؔ بگفت
جلوۂ جاں کلمۂ نظم قبول

۱۳۲۳ء

ترجمہ:

اصل ایمان ہے کلمہ ٔ نظم قبول
عین عرفان ہے کلمہ ٔ نظم قبول
نابینا نے مصرعہ ٔ تاریخ کہا ہے
جلوہ کی جان ہے کلمہ ٔ نظم قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ارشادات قبول

حصہ دوم

حضرت پیر و مرشد برحق، سلطان المشائخ، سید السادات والادرجات رفیع المنزلت، منبع المرتبت، شیخ الاسلام عالی مقام، کشاف مشکلاتِ علوم عقلیہ۔ وحلّال معضلات فنون نقلیہ، آفتاب آسمان شریعت و طریقت، گوہرِ دریائے حقیقت ومعرفت، ہادی الانام مہبط الانعام، بقیۃ السلف، امام الخلف، کعبۂ کعبہ پرستان، قبلہ ارباب عرفان، مخزن اسرار عالم، مظہر فیض اتم، پیشوائے واصلان، مشکل کشائے کاملان، رونق دین محمد، شان جلوۂ صمد، شمس العارفین سلطان المحققین حقایق، معارف آگاہ، ارشاد پناہ، فضیلت مآب، مولانا، مرشدنا خلیفۂ الٰہی، وارثِ رسالت پناہی، جگر گوشۂ حضرت غوث الاعظم دستگیرؓ حضرت سید شاہ محمد قبولؔ بادشاہ صاحب قبلہ سلمہ اللہ تعالیٰ مدظلہ العالی قادری الحسنی الحسینی گوشہ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

نشین سجادہ کلاہ پوش زرین ادام اللہ فیوضاتہ نے مختلف منظومات اور قصائد دعائیہ حضور پُر نور خلد اللہ ملکہ ودولتہ تحریر فرمائے ہیں اور اِس خادمِ عقیدت کیش کی درخواست پر ان کی مسودات مرحمت ہوئے چونکہ ان نظموں میں ارشادات شریعت وطریقت وحقیقت تعلیماً مندرج ہیں عاصی کے پیر بھائیوں نے تقاضا شروع کیا کہ ان کو بھی اس سے مستفیض ہونے کا موقع دیا جائے لیکن یہ ممکن نہ تھا کہ ہر ایک کے لئے ایک ایک نقل کی جاتی لہٰذا خاص اپنے پیر بھائیوں کے افادہ کے غرض سے عاصی نے تبرکاً وتیمناً ان اشعار کو طبع کرادیا ہے۔

رباعی

بگوشِ ادب بشنو ارباب ما
منزہ ز ہر گو نہ القاب ما

ترجمہ:

اے میرے احباب ادب کے کانوں سے سنو
ہمارے القاب سے منزّہ (مبرا) ہے وہ شخصیت

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

خدا را چو بگرفت لطف عمیم
فرستاد برما رسول کریم
عجب ذات شدین قبول اله
مقدس زہر رنگ و آداب ما

ترجمہ:

اللہ نے ہم پر یہ پُرلطف عظیم فرمایا کہ
ہمارے لئے رسول کریم ﷺ کو مبعوث فرمایا
حضرت قبول کی رات خدا کی بارگاہ میں عجب ہوگئی
ادب واحترام کے ہر رنگ سے مقدس ہوگئی

المشتہر

عاصی پُرمعاصی قاضی محمد عظیم الدین المعروف احمد علی شاہ اورنگ آبادی

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

گنج مخفی سے ہے احد جو عیاں   شانِ احمدؐ سے جلوہ گر ہے جہاں
پردۂ میم مُنہ پہ جب ڈالا   ذاتِ احمد محمد والا
دیکھ نسبت احد و احمدؐ کی   جلوہ گر ذات ہے محمدؐ کی
حمد و نعت ہوئی ہے جب محمود   لائق بود ہے وہی بہبود
نہ حلول اتحاد ہے اس جا   نفی اِثبات کا یہ ہے چرچا
ذات مخفی جو تھی ہوئی ظاہر   ہے منزہ و پاک اور طاہر
اپنے خالق کو جو کہ ماہر ہے   وہ قبولؔ آلہ طاہر ہے
ہے علیؓ ولی وصیٔ رسول ﷺ   فیضابِ رسول ﷺ زوجِ بتول رضی اللہ عنہا
ہے مدینہ جو علم کا مفتوح   شان حیدر ہے، حیدری ہے فتوح
کب ہو خالی کوئی بشر اس سے   فیضابی مراد ہے جس سے
ہے قبول آلہ، غلامِ رسول   معتقد ہے بجان، صحابِ رسول
از ازل تا ابدُ درود و سلام   بر محمد ﷺ و آلہ الاکرام
آؤ یارو خوشی سے شامل ہو   فیضِ خالق کو پا کے کامل ہو
جو کہ شایق ہو شوق سے آئے   فیضابی رسول ﷺ کی پائے
جو مسلمان ہو اس کا ایمان صاف   معتقد ہو تو ہوں گناہ معاف
اور اگر کفر و شرک کی بُو ہو   پاک ہوئے کہ دین کی بُو ہو
ہے مسلمان تو وہ یقین جانے   ہو منافق نفاق کو مانے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

مجھ کو تعلیم یوں ہوئی از جد   دست بیعت میں ہوئے دوست احد
بوئے گل ہے جو باغ احمد ﷺ کی   جان و ایماں کو تازہ بیحد کی
فیضِ یزداں ہے فیض ذاتِ علی رضی اللہ عنہ   سرِّ اسرار ہے خفی و جلی
دست یزداں ہے شیر یزدان کا   بوترابی لقب شہ جان کا
ہیں حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ مالکِ دین   فاطمہ رضی اللہ عنہا جن کے غم میں تھیں غمگین
جو محبت میں ان کے شاداں ہو   خاتمہ خیر، حشر آساں ہو
ہے عجب طرفہ ماجرا غم کا   قومِ اسلام سے ستم جو ہوا
کیا کہوں کیا کہوں کہوں کیا! آہ   ظلمِ ظالم پہ ہے خدا ہی گواہ
اے محبو! ذرا کرو تم غور   دین بہتر ہے چھوڑو دُنیا کے طور
ظلم و فسق و فجور سے باز آؤ   حُبِّ دُنیا میں دین کو نہ گنواؤ
کینہ و بغض ہے حسد جو بُرا   دُور کردو تم ان کو دل سے ذرا
دینداری سے دل کرو معمور   نورِ ایمان کا دل میں ہوگا ظہور
دین داری میں دین حاصل ہے   اور دُنیا کی فکر باطل ہے
دینداروں کو زیست دُنیا کی   عین دین ہے جو فکر عقبیٰ کی
قول و فعل اپنی جو کرے بخدا   دار دنیا میں وہ ہے بہدّا
ہے ہدایت جو متقی ہوئیں   کہہ کے فاسق سے بات کیوں کھوئیں
نص قرآن کا ہے یہ مضمون   جس کا جی چاہے وہ کہے مجنون
طالب دین ہے جو کہ دنیا میں   اس کا ثمرہ ملے گا عقبیٰ میں
عدل و انصاف حق کو پیارا ہے   دین و ایماں کو بس سہارا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

زہد وتقویٰ پہ سبقت اس کو ہے — عدل وانصاف کی جسے خُو ہے

عدل وانصاف کی بڑی ہے صفت — صفت حق کے ساتھ ہے یہ صفت

اس صفت سے جو متصف ہوئے — متصف حق بحق صفت ہوئے

حق اسی سے رہے گا راضی مدام — زہد وتقوے کے ہے سوا یہ مقام

دینداروں کو شرف ہے دیں کا — دُنیا داروں پہ حرف کیا دیں کا

سرِّ شیطان کا جو شریک ہوا — شرفِ انسان سے رکیک ہوا

ہیں رزیلوں کے کام یہی جو رزیل — فتنہ برپا کریں بہ قال وقیل

اصل بد از خطا خطا نہ کند — بد گہر با کسی وفا نہ کند

شرف آدم سے ہے شرافت نفس — شین سے شرم وشریعت بس

رے، رضاء الٰہ پہ راضی ہو — فی، سے فانی جہانِ فانی ہو

نیز ہر شے کا ہے رجوع بہ اصل — مصطفٰے کی حدیث کی ہے نقل

جب شرافت تری شرف پائے — ہے قبولؔ اب 'تو' جب قبولؔ آئے

کہنے سننے کی کب ضرورت ہے — گر کہے تو کہیں یہ صورت ہے

کہنے سننے سے باز آؤ اب — اور سخن دوسرا نہ لاؤ اب

اللہ اللہ سوا نہ کہنا کچھ — طالبو سالکو کہو! سچ مچ

جھوٹ موٹ بولنے سے باز آؤ — حق کے فرمان کو بجا لاؤ

امرِ معروف کے رہو پابند — نہی منکر کے دام میں نہ ہو بند

اے مسلمانو! تم یقین جانو — نفس وشیطان کو عدو مانو

علم جو باعمل ہو بہتر ہے — بے عمل کا نتیجہ اَبتر ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

علم ہے واسطے ہدایت کے
ہو ہدایت، طرف رسالت کے

ہے رسالت دو طرف کو شامل
ظاہراً باطناً جو ہو کامل

زہدِ خشکی کے زہد سے نہ ہو خشک
بوئے باطن نہ ہو تو ہوگا خشک

زہدِ خشکی کے زہر سے باز آؤ
علم باطن کو علم دین سے ملاؤ

ہے نتیجہ جو دین کا باطن
اہل باطن سے ہو نہ بد باطن

عین باطن سے ہے ظہور تمام
پھر بھی باطن طرف ہے سب انجام

اس لئے حق کو حق سے پایا ہے
ظاہراً باطناً جو معنی ہے

ہے شرافت جو عین انساں کو
حق شناسی سے ہے یقیں جانو

حق شناسی اُس کو حاصل ہے
خود شناسی میں جو کہ کامل ہے

شرف ہوتا فقیر کو کیوں کر
دین سے دین ہوگیا در بر

شرف کرنے کا ہے مقام کہاں
دین و دُنیا کی فکر میں ہو جہاں

میں فقیری میں فخر کرتا ہوں
اور شرافت پہ شرف و مرتا ہوں

جب شرافت ہو دین کی حاصل
دین میں دین ہوگیا واصل

سرِّ وحدت کی ہے یہ طغیانی
جوشِ کثرت میں ہے پریشانی

نہ کہ شاعر ہوں، شاعری ہے خیال
فیض باطن سے ہے یہ قیل وقال

گر سمجھ اس میں ہے سمجھ لے ویں
اعتراضات کو نہ جا دیوں

ہو محبت رسول اکرم ﷺ کی
مال و جاں کے سوا مکرم کی

اب دُرود و سلام ہو مقبول
روز و شب ہو قبولؔ سے بھی قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

التجا از روئے شریعت (مناجات)

خدایا یہ بندہ گنہگار ہے ‏ ‏ سراپا گنہ میں گرفتار ہے
تو بخشش سے اپنی بچالے مجھے ‏ ‏ سزوار ہے تیرے بخشش تجھے
نہ تجھ بن کوئی میرا غفار ہے ‏ ‏ تو غفّار ہے اور ستّار ہے
ہر ایک طور سے میں گنہگار ہوں ‏ ‏ کہ علم و عمل سے تو بیکار ہوں
نہ عابد نہ زاہد نہ عالم ہوں میں ‏ ‏ گنہ کے سبب سب سے نادم ہوں میں
یہ ہے مرضِ عصیان کی دردِ دلی ‏ ‏ یہ درد دلی کی دوا بھی ملی
شفاعت نبی کی، بہتر بھلی ‏ ‏ عموماً خصوصاً خفی و جلی
خدایا تو فرمایا قرآن میں ‏ ‏ یہ نازل نبی کی کیا شان میں
وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ فرمان ہے ‏ ‏ رَبُّكَ فرمان ہر آن ہے
فَتَرْضٰی رضائے نبی حق ہوا ‏ ‏ یہ برحق ہوا قول برحق ہوا
قوی ہے عقیدہ ہمارا یہی ‏ ‏ نہ اعمال کا ہے بھروسہ کبھی
اگرچہ کہ ہوں بہتر اعمال اب ‏ ‏ سزوار ولایق تیرے ہوئے کب
نہ اعمال سے ہے تجھے کچھ غرض ‏ ‏ تیرا حکم نافذ ہے ہم پر فرض
بجالانا اس کا ہمارا ہے کام ‏ ‏ نہ اس پر بھروسہ کا ہے انتظام
بھروسہ ہے رحمت پہ تیری وسیع ‏ ‏ محمد ﷺ ہمارے لئے ہیں شفیع
تو ایسا نبی ہم کو اپنا دیا ‏ ‏ طفیل نبی ہم کو اپنا کیا
نہ دوزخ کا ڈر ہے نہ ہے حشر کا ‏ ‏ جب ایسا نبی تو نے اپنا کیا

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

یہ فضل وکرم ہے تیرا! اے کریم
کہ تو بھی رحیم اور نبی بھی رحیم

تو رحمت میں اپنے ہمیں رکھ قریب
مجیبٌ قریبٌ قریبٌ مجیب

قبولؔ التجا ہو بحق رسول ﷺ
خدایا خطا کو عفو کر، قبول

تری حمد میں ہم کو طاقت نہیں
اور نعت نبی میں بھی طاقت نہیں

یہ ہے شکر اللہ محمد رسول ﷺ
دُرود و سلام اُن پہ ہوئے قبول

التجا از روئے طریقت

خدایا تو قادر ہے پروردگار
یہ مجبور بندہ کا کیوں ہو شمار

نہ عابد نہ زاہد نہ پرہیزگار
گنہ کے سبب ہے بڑا شرمسار

میری شرمساری کی تو لاج رکھ
بروز قیامت یہی تاج رکھ

یہ تاج فقر سے کہ فخر ہے مجھے
نہ شملہ و ٹوپی کی پروا تجھے

تیری ذات مستغنی ہر شئے سے ہے
یہ شے کی بحث سے تو بے پروا ہے

عدم کی حقیقت عدم ہے عدم
عدم کے لئے کوئی مارے کیا دم

میری دم زنی دم کے ہمدم میں ہے
نہ ہمدم ہو دم کا تو پر غم میں ہے

یہ دم کی دوئی غم کی حالت نہ ہو
جدائی کی علّت علالت نہ ہو

ہے ظاہر و باطن میرے تیرے ہاتھ
ثبوت حقیقت میری تیرے ساتھ

جو ہو تُو تو ہو کچھ بھی ثابت نہیں
جو ثابت نہیں کچھ بھی ثابت نہیں

قیام اثر شے پہ قائم ہے تو
جو شہ میں فنا شیئے ہو دائم ہے تو

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

جو شئے کو کہے شئے وہ شے ہی نہیں ۔ کہ لا شے جو شے کو بنا دے کہیں
جو لا شے کو شے، شے کو لا شہ کہیں ۔ یہ دونوں بھلا ملکی کیوں کر رہیں
عجب طرفہ کچھ ہے یہ تفہیم کا ۔ سراپا عقیدہ ہے یہ بیم کا
یہ لائے نفی سے نفی ہو نفی ۔ نفی کو نفی کر کے دیکھا خفی
جلی و خفی سب کچھ اثبات ہے ۔ حقیقت میں دیکھو یہی بات ہے
جو میں کو کہوں میں تو تُو میں نہیں ۔ جو میں ہوں تو میں تُو تو ہو گا کہیں
شریعت کے مسئلہ میں شرماتا ہوں ۔ طریقت کے ہمدم کرم پاتا ہوں
حقیقت' یہ شرک خفی سے بچوں ۔ دوئی غیر علت یہ حالت کہوں
اَلْآنَ کَمَا کَانَ ہر حال ہے ۔ قیام دوئی پر نہ یہ قال ہے
جو اثبات ہے وہ ہی اثبات ہے ۔ ثبوتِ فنا میں بقا ذات ہے
نہ جھگڑا ہے اپنا نہ غیر کا ۔ اگر غیر کا ہے تو ہو غیر کا
فنا میں فنا کی فنا ہے تمام ۔ بقا میں بقا کا مَیں دیکھا قیام
نہ مجھ کو بقا ہے نہ ہے غیر کو ۔ بقا غیر ہو تو فنا کس کو ہو
ازل سے ابد تک بِلا انقلاب ۔ یہ ہے آفتابِ حقیقت کی تاب
یہ ذرات الوان کا کیا وجود ۔ مثل آفتابِ حقیقی ہو بود
نہ بندہ پنے سے تو انکار ہے ۔ خدائی میں کس کو سروکار ہے
فنا ہی فنا کا یہ بازار ہے ۔ فنا میں فنا ہو نادر کار ہے
دوئی دور کر دے تو ہوئے قبولؔ ۔ یہی مدعا ہے یہی ہے حصول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

واضح ہو کہ حضرت صاحب قبلہ کے کلام حقیقت انتساب میں اگرچہ اعتراضاتی سوالات و جوابات کا کلیتۂ لکھنا نہایت دشوار تھا قطع نظر اس کی اگر لکھا جائے تو ایک بہت بڑی کتاب مرتب ہو اس لئے عاصی نے صرف ایک سیاح مسمی نادی علی شاہ کے چند سوالات معہ جوابات نثر و نظم جو بہت فائدمند ہیں محض اپنے پیر بھائیوں کے مستفیض ہونے کے لئے اسی میں درج کیا ہوں۔

سوالات نادِ علی شاہ سیاح

اول۔ کلمہ طیب کافر و مشرک کو اسلام میں لانے کے لئے ہے۔

نہ کہ ہم مسلمانوں کے لئے

اور اگر ہو تو یہی تمام عمر میں ایک بار پڑھنا فرض ہے نہ کہ روزآنہ وظیفہ کے لئے۔

دوم۔ نماز بلا خیال و وسوسہ ہونی چاہئے جبکہ نماز میں خیالات اور اقسامِ وسواس کے ہوں تو ایسی نماز عبث ہے۔

سوم۔ ہر ایک چیز عین ہے غیر نہیں۔

چہارم۔ جملہ تن را میگزاری در نظر　　در نظر رو در نظر رو در نظر

ترجمہ: جب تمام چیزوں کو میں نظر سے گزارا　　اب نظر سے گذر، نظر سے گذر، نظر سے گذر

پنجم۔ قل الروح من امر ربی۔ ماقبل غیر متعلق اور مابعد غیر بھی متعلق ہونا ضرور ہے۔

جوابات

اول۔ بیان سائل واقعی لاکن باستحکام احکام اقامت دین نتیجہ انجام مفاد عاقبت بدوام مرواقع لہٰذا نفی نہی اثباتِ امر متعلق کلمہ کے تنزیل احکام بہ احادیث رسالت پناہؐ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ظاہر و باہر سوائے امور حقایق و دقایق و رموز باطن کے یعنی احکام کی دو شکل ہیں ایک امر معروف دوسرا نہی منکر پس بعد تصدیق کلمہ کے یہ لازم و ملزوم ہیں اس لئے روزانہ وظیفہ ضرور ہوا۔

دوم۔ نماز بلا وسواس ہر کس و ناکس ادا کرنا مشکل ہے جب ویسی نہ ہو تو ایسی ہی غنیمت ہے بشرطیکہ بغیر ریا بخوف حکم خدا ادا کرے جب بلا وسواس ادا کرنے کی کوشش ہو تو نورٌ علی نور ہے اگر باطن کے تصفیۂ مشقتِ شاقہ سے مجبوری ہے تو ظاہر کو عبث بولنا عین قصور ہے حرفی بس است اگر کس است۔

سوم۔ بحیثیتِ اعتبارِ غیر و بحقیقتِ عین۔

چہارم۔ بیان بیت مولانا واقعی۔ بلا مجاہدۂ نفس و تزکیۂ نفس و تصفیۂ قلب نظر رواروی ہر سہ (۳) مقام فضول ہے ہر سہ مقامِ صدر کے مقابلہ میں یہ سہ مقام ذیل کا تصفیہ ضروری ہے۔ (۱) نفس کی اصلاح ہو (۲) شیطان کا وسوسہ نہ ہو (۳) دُنیا کی محبت غالب نہ آئے۔

ع برعکس نہند نام زنگی کافور

پنجم۔ روح امرِ رب پیش رب ہے ماقبل بحیثیتِ سوال و جواب

وما بعد بحیثیت عذاب و ثواب متعلق

بامرِ حق، حق ہے ہر دو صورت میں غیر متعلق نہیں پس جد عناصر ہر دو واقعات کا اثر گیر و اثر پذیر ہے عجب کچھ پرُ تاثیر ہے۔

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

اصل ظاہر ہے راز کیا جانیں
یہ حقیقت مجاز کیا جانیں
وہ بھی سچ دیکھتے سو کہتے ہیں
محو دَر نحو صرف رہتے ہیں

جملہ اعتراضات مذکورۂ بالا کے جوابات مکرر نظم میں ادا ہوئے ہیں وہ یہ ہیں:

در بحث کلمہ

بھید کلمہ کا جس نے پایا ہے
سَر عبادت میں وہ جھکایا ہے
لا الہ سے نہی نفی دیکھا
اِلّا امر خدا جب آیا ہے
امر معروف نہی منکر
اسی کلمہ میں حق بتایا ہے
ہیں محمد رسول حق کے یقین
بھید مافیہا سب سمایا ہے
ظاہراً جب کہ کلمہ ہو درست
باطناً بھی درست مایا ہے
اسی کلمہ کی وجہ سے قرآن
جبریل امیں نے لایا ہے
جملہ احکام بالیقین حق ہے
حق نے باطل کے تیئں ہٹایا ہے
سارا منڈان اپنی قدرت کا
حق سے کلمہ سے بنایا ہے
کلمۂ لا آلہ الا اللّٰہ
کفر و شرک کو مٹایا ہے
ہیں محمد میرے رسول اللّٰہ
بھید کلمہ قبولؔ پایا ہے
میں گنہگار امتی ہوں تیرا
اے نبی تیرا مجھ پہ سایا ہے
مطمئن کیوں نہ ہو قبولؔ ہر دم
یاد کلمہ میں دل لگایا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

در بحث نماز

اے زاہد! وہ یہ زُہد سے اچھی نماز ہو
بہتر نماز ہو کہ نماز نیاز ہو

دل وسوسہ سے خالی نہ ہو تو رِیا نہ ہو
عجب و ریا' رعونتِ نفسی سے باز ہو

احکام فرعین وہی صوم و صلوٰۃ کے
سر ہو سجودِ حق میں تو سَر سرفراز ہو

تکبیر تحریمہ سے اگر ذبح ہوئے نفس
سر ہو سجود حق میں تو سر سرفراز ہو

اِیَّاكَ نَعْبُدُ جو نمازی کہے مدام
خاطر ہو در حضور حضوری نماز ہو

بے خوف بے خطر جو عبادت میں ہو کھڑے
تن من کی ساتھ جان بھی اس میں گداز ہو

بعدت کو دور کرتی ہے قربت نماز کی
دل سے نمام ہو تو وہی دل نواز ہو

ہے شوق و ذوق جس کو یہ حکم خدا کے ساتھ
ظاہر میں راز قرب ہے باطن میں راہ ہو

مَابَیْنَ عبد و رب یہ عبادت ہے اے قبولؔ
پنجوقت جو نماز پڑھے شاہ باز ہو

در بحث توحید

ظاہر کو اپنے آپ فنا دیکھتا ہوں میں
پوشیدہ اس میں بھید لقا دیکھتا ہوں میں

تختیٔ دل سے نقش دو عالم کو دھو دیا
اس وجہ سے یہ وجہ خدا دیکھتا ہوں میں

مرشد کی دید دید ہو ہر ایک مرید کو
میں بھی مرید ہو کے خدا دیکھتا ہوں میں

مرشد کی شان شان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ہے
شان خدا خدا ہے خدا دیکھتا ہوں میں

اپنے کو آپ دیکھے تو دیکھے خدا کے تئیں
سِرّ انا کو عین انا دیکھتا ہوں میں

چشم بصیرت اہل بصیرت کو خوب ہے
یہ رمز ہے کُھلا جو کُھلا دیکھتا ہوں میں

باطن جو تھا چھپا وہ تو ظاہر میں آ گیا
طاہر قبولؔ کس کو بھلا دیکھتا ہوں میں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

در بحث بیت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ:

شعر

جملہ تن رامی گذاری در نظر
در نظر رو در نظر رو در نظر

ہے تلاشِ یار میں جو بھی بَصَر
خودی کی خود ہی میں نہیں رکھتی خبر
باخودی اور بےخودی سمجھے سو کیا
ہے خودی میں بےخودی خود کا اثر
ہو نہ جب تک نفس کا جھگڑا جدا
صورتِ انسان ہے ظاہر بشر
دامِ شیطان ہے اُسی کے آسرے
ہے مٹانا تن سے نفسانی کا شر
دین و دُنیا کا اِسی سے ہے فساد
نفس کی خواہش ہو دفع سر بسر
نفس کی اصلاح میں ہے سب کچھ بھلا
مطمئن ہو نفس جب نفس الامر
دیکھتا دیکھے جو اپنے کو فنا
بےخودی میں خود خدا ہے جلوہ گر
جب نظر مالک کی ہو مملوک پر
ماسوا کے کب ہو خواہش، کیا ہے ڈر
اے قبولؔ یوں ہی اگر ہو در نظر
دین و دُنیا میں تجھے کیا ہے خطر

جملہ تن رامیگزاری در نظر
در نظر رو در نظر رو در نظر

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

چونکہ فی الحال ایک قصیدہ حضرت پیرومرشد صاحب قبلہ دام فیضہ کی صاحبزادی صاحبہ نے پہلی مرتبہ عشقِ پاکِ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں تحریر فرمایا ہے لہٰذا حضرت صاحب قبلہ کے کلام اقدس نظام کے بعد تحریر کیا جاتا ہے۔

المشتہر

عاصی پُرمعاصی قاضی محمد عظیم الدین المعروف احمد علی شاہ اورنگ آبادی

قصیدہ

دل عشقِ نبی میں گل رہا ہے — اس درد کی بھی نہیں دوا ہے
پہنچادے مدینہ مجھ کو یارب — یہ آرزو اور مدعا ہے
دل کو بھی نہیں ہے چین جان کو — عشقِ نبی آسما رہا ہے
طیبہ میں مجھے جگہ دے یارب — جا بیٹھوں وہاں جو دل لگا ہے
محشر کا نہیں ہے خوف ہم کو — سردار ہمارے مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے
دولت کی بھی آرزو نہیں ہے — جاں عشق نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں بس فدا ہے
بے پیر مرید سمجھے کیوں کر — یہ رمز خدا چھپا ہُوا ہے
دختر ہوں قبولِ کبریا کی — عشقِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حق ہے اور بجا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ابیات فارسی در حمد و نعت

الحمد که حمدے بخدا حمد خدارا
گر حمد کند خالق اکبر را که یارا

در نعتِ نبی قول خداوند تعالیٰ
فرقان حمید است که باعظمت واعلیٰ

انسان ضعیف است چه داند وچه گوید
جز کلمۂ تصدیق نه گوید و نه جوید

ہر حال بجز عجز نه واند ونه خواند
در حمد خدا نعتِ نبی کس نتواند

جز نیست ونابودئ خود حمد نیابد
باشانِ خدا شانِ نبی نعت که شاید

اسرار بطوں است ظہور است اذاں نور
در حمدِ حدا نعتِ نبی دید که بر طور

موسیٰ که کلیم است یدست نه گفت است
در حمد خدا نعت نبی سر نہفت است

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

از بهر ادب شکرِ خدا حمد ہمین است
با نعتِ نبی فخر که اسلام و دین است

دردین شریک اند ہمه اَصُحَب وانصار
ہم آل نبی اند بآن عظمت و آثار

باصدق و یقین ورد درودست زبانم
جز تحفه تحیات دُرو ہیچ ندانم

من عبدِ ضعیفم که بعباد خدائی
بالوثِ گنه لوثِ حقیقت که جدائی

درخودنگرا ے گوشه نشین نام قبول است
برخیز وبردار جدائی که حصول است

ترجمہ: ابیات فارسی درحمد ونعت

الحمدللہ کہ تمام حمد اور تعریف خدا کے لئے ہے
اگر خدا اپنے رسول کی تعریف کرے تو کس کو یارا ہے
نعت رسل میں قول خدائے عزوجل میں
قرآن مجید ہے جس میں آپ کی عظمت اور اعلیٰ رتبہ بیان کیا
انسان ضعیف ہے جو کچھ کہتا اور جانتا ہے
اس کے علاوہ تصدیق کے کلمات نہ زبان سے ادا کرے نہ کوشش کرے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

سوائے عجز وانکساری کے نہ کچھ جانتا ہے نہ پکارتا ہے

ہر حال میں حمد خدا اور نعت نبی کے علاوہ

اپنی خودی کو مٹائے بغیر خدا کی حمد نہیں ہو سکتی

بغیر شانِ خدا شان نبی کون بیان کرسکتا ہے

باطنی اسرار اور ظاہر اسی نور سے ہے

کوہ طور پر حمد خدا میں نعت نبی دیکھو

حضرت موسی کلیم اللہ نے نہ خدا کو دیکھا ہے نہ کہا ہے

خدا کی حمد اور نبی کی نعت میں اسرار پوشیدہ ہیں

جو ادب سے خدا کا شکر ادا کیا وہی حمد ہے

اسلام اور دین کا فخر نعت نبی سے ہے

دین میں شامل سارے صحابہ وانصار ہیں

اور آلِ نبی بھی اسی عظمت کے آثار ہیں

صدق ویقین کے ساتھ میری زباپرن درود شریف جاری ہے

میں تحفہ درود اقدس کے علاوہ کچھ نہیں جانتا

خدا کے بندوں میں مَیں بھی ایک ضعیف بندہ ہوں

گناہوں کی آلودگی میں حقیقت میں جدا ہوگیا ہوں

اپنے آپ میں دیکھوائے گوشہ نشین نام قبول ہے

اٹھو اور ایسی جدائی کو دور کردو

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قصیدہ در توحید خدائے تعالیٰ

چشم ہر جا کہ فتد روئ ترا می بیند
در و دیوار و مکان جملہ ترا می بیند

ذاتِ پاکِ تو کہ از گنج خفی کردہ ظہور
ہر دو عالم بہ شہودیست ترا می بیند

درلباس کہ تجلِّی تو پیدا کردد
غیر از و دور کند عین ترامی بیند

پردہ غیر حقیقی چورَود از مفہوم
عین اثباتِ وجودیست ترا می بیند

ذاتِ توقیر دارد بہمہ جز وکل
ہاں یقین است بلا قید ترا می بیند

آن کہ تصدیق یقین کرد بہ رہبر حاصل
محو در عشق تو گردیدہ ترا می بیند

آن کہ دارد دلِ شوریدہ قبول است عاجز
ہرچہ آید بہ نظر شکل ترا می بیند

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: قصیدہ در توحید خدائے تعالیٰ

جہاں بھی نظر ڈالتے ہیں آپ ہی چہرہ دیکھتے ہیں
در و دیوار، مکان ہر شئی آپ ہی کو دیکھتے ہے
آپ کی ذات پاک نے پوشیدہ خزانہ کو ظاہر کیا
دونوں عالم شاہد ہیں اور آپ کو دیکھتی ہیں
لباس (بشری) میں آپ کے نور کی تجلی پیدا ہوتی ہے
سوا سب دور کرتی ہے اور عین آپ ہی کو دیکھتی ہے
غیر حقیقی پردہ جب اُٹھ جاتا ہے
تو عین اثباتِ وجود آپ ہی کو دیکھتی ہیں
ذات تو قید رکھتے ہیں ہر جز و کل
کامل یقین سے قید کے بغیر آپ ہی کو دیکھتی ہیں
وہ جسے تصدیق اور یقین ہے اپنے رہبر کے معاملے میں
وہ آپ کے عشق میں محو ہو کر آپ کو ہی دیکھتی ہیں
جو کوئی عاجز دل شیدا رکھتا ہے وہ قبول ہے
نظر جو کچھ آتا ہے آپ کو ہی دیکھتی ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قصیدہ فی نعت النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

احمدا نامِ تو ایجاد جهان آمده است
باعث امن و امان کون و مکان آمده است

گشت موجود به تو عین وجود به شهود
ذات بے چون بتو چون جلوۂ جان آمده است

پرتوِ نور ز ذاتِ تو که در آدم شد
ائے که مسجود ملائک بعیان آمده است

نور اقدس به جبین بود خلیل اللّٰه را
نار نمرود به گلزار ازان آمده است

عکسِ انوارِ رخِ پاک چو بر یوسف تافت
همه مخلوق به آں شور و فغاں آمده است

ہر که عاشق بجمالِ رخِ زیبای تو گشت
بر قلمروی زمان فخر کنان آمده است

ملتبس شده عاجز به لباس فقرا
مست گردیده قبول از تو چنان آمده است

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: قصیدہ فی نعت النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے نام مبارک سے دنیا بنی ہے

آپ ہی کے باعث کون ومکان کا امن وامان ہے

اے نبی تو اُسی وجود عین کا شاہد ہے جو تیرے وجود میں سیر کرتا ہے

آپ کے سبب ایک بے مثال ذات جلوہ گر ہوئی

آپ ہی کے پرتو کا نور حضرت آدمؑ میں آیا

آپ ہی کے باعث وہ مسجودِ ملائک عیاں ہوئے ہیں

آپ ہی کا نور حضرت خلیل اللہ کی جبین اقدس میں رہا

جو نمرود کی آگ کو گلزار کیا

حضرت یوسفؑ پر جب آپ ہی کے رخِ پاک کے انوار کے عکس پڑے

اسی لئے تو ساری مخلوق میں شور وفغاں ہے

آپ کے رخ جمال اقدس کو جو کوئی عاشق دیکھا

وہ زمانے میں باعث فخر ہوگیا

عاجز لباس فقر میں میں خلط ہوگیا ہے

قبول مست گھومتا ہے کہ آپ اس طرح آگئے ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قصیدہ در بحث حبِ حقیقی

حُبِّ من حُبِّ خدا و مصطفیٰ ﷺ
من بحبِّ مصطفیٰؐ بهر خدا

عین حبُ پنجتن حبّ نبیؐ
فاطمهؓ حسنؓ و حسینؓ و مرتضیٰؓ

فیضاب پنتجن سِرّ و جهار
دستگیرِ دو جهاں غوث الوریٰؓ

نام عبدالقادرش بغداد شهر
شد محی الدین در هر دوسرا

غوثِ صمدانی ولیِّ بے بدل
هر ولی باشد به تحتِ ان لوا

چه خوش است محبوب سبحانی لقب
شاه شاہان شاه هر شاه و گدا

درلباسِ عاشقی معشوق رب
خاص زاتش شد بِلا چون و چرا

فیض ریزاست فیض قادر قادری
فیض گیر ائے بےنوا و بانوا

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

سرنگوں آئی به سر خیزے روے
ذاتِ پاکش ہست ہر حاجت روا
این چنین دارم که فخر ذاتِ او
پیشوائے ما ہر ایک رِا پیشوا
باقبول حق قبول حق شود
بے قبول حق شود کے ماسوا

ترجمہ: قصیدہ در بحث حبِ حقیقی

ہماری محبت، محبتِ خدا و مصطفٰے ہے
میں حبِ مصطفٰے میں خدا کے لئے
محبت پنجتن پاک حقیقتاً محبتِ رسول ہے
سیدتنا فاطمہؓ سیدنا حسنؓ اور سیدنا حسینؓ اور سیدنا علیؓ
میں ہوں فیضیاب پنجتن پاک اور چار یاروں
(حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ سے)
اور دو جہاں کے مددگار ہیں حضور غوث الوریٰؓ
آپ کا نام مبارک عبدالقادرؓ ہے اور شہر بغداد مسکن ہے
آپ کو دو عالم کے لئے اللہ نے محی الدین بنایا
وہ غوثِ صمدانی ہیں اور ولیٔ بے دل
ہر ولی ان کے جھنڈے تلے موجود ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کتنا پیارا ہے محبوب سبحانی لقب

وہ شاہِ شاہان ہیں شاہ وگدا کے بادشاہ

لباس عشق میں وہ معشوق رب ہیں

بلا چون وچرا ان کی ذات خاص ہے

ہر قادری قادر کے فیض، سے فیضیاب ہے

آپ کے فیض سے کئی بانوا ہوگئے

گل وکلیاں سر جھکائے آتی ہیں آپ کی خدمت میں

آپکی ذات پاک ہے حاجت روائے عالم ہے

اس طرح میں آپ پر فخر کرتا ہوں کہ وہ

ہمارے پیشوا ہیں اور ایک پیشوا کے بھی پیشوا

قبولؔ حق، کے ساتھ قبولِ حق ہو

ماسوا بے قبول حق ہوتے ہیں

قصیدہ سلسلہ طریقت

پیر ما اجدادِ ما آمد چنین

افتخار دوجہاں دارم بہ بین

خاندانِ غوثیہ آبائی شد

مادری بندہ نوازی بالیقین

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

چار پیر اند از علی رضی اللہ عنہ شیر خدا
چاردہ شد خانوادہ اندرین

اولاً نام محی الدین دان
ثانیاً آمد معین الدین قرین

خانوادہ نہ بضمن قادری
پنج بیں باچشتیہ اے اہل دین

ماسوائے این و آن ہرچہ کہ اند
جملہ باشند جملہ اندر بہترین

حرقہ فقرائی علی رضی اللہ عنہ را از نبی
شد عطا بہر عطا از حق ہمیں

سر پنہانی قربِ ذاتِ حق
اندرین است اندرِین است اندرین

ہر کہ دارد این تسلسل اے قبول
بہترین است بہترین است بہترین

ترجمہ: قصیدہ سلسلہ طریقت

ہمارے پیران طریقت اور اجداد اس طرح تشریف لائے
کہ دیکھو میں افتخار دو جہاں رکھتا ہوں

خاندانِ غوثیہ میں والد سے ہوں
یقیناً میری والدہ کا سلسلہ نسب بندہ نوازی ہوں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

چار پیر حضرت علیؓ شیر خدا سے (جاری ہوئے) ہیں

اوران چار پیروں سے چودہ خانوادہ وجود میں آئے

سب سے پہلے حضور محی الدین ہیں اور وہ دین کے زندہ کرنے والے ہیں

دوسرے حضرت معین الدین قرین

بضمن نواں خانوادہ قادری ہے

اے اہل دین پانچواں چشتیوں کے درمیان

ماسوا ان کے اور اُن کے جو کچھ بھی ہے

ان کے اندر جو کچھ ہیں بہترین ہیں

رسول پاک کی جانب سے حضرت علیؓ فقرائی (طریقت) عطا ہوا

حق سے عطا ہوئی ہر عطا حق ہے

راز پوشیدہ ہے اور ذات حق سے قریب ہے

اسی میں ہے اسی میں ہے اسی میں

جو کوئی رکھے یہ سلسلہ اے قبولؔ

بہترین ہے بہترین ہے بہترین

رباعی

اے خداوند زمین و آسمان　　من کہ میما نم درین دو زمان

دورما من بعد ما با شد بھی　　تا ابد باشد بھی دور زمان

عالم اسباب خلاق جہان　　(دیگر) بے مسبب کے سبب خواہی توان

انتظامِ عالم امرست وخلق　　بے کم و کاس آمد از حق درجہان

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ظاہر و باطن مشیت شد پدید — خواہشِ یزدانی گرویدہ عیان

امتحانی امر احکام خدا — بےوساطت نیست درکون ومکان

تعلیم و تبلیغ آدم انبیا — ختم شد بر خاتم پیغمبران

فیضِ سردار رسل ختم رسل — یا علی رضی اللہ عنہ اہل ولا شد خاص گان

سِرّ اسرار لدُنی بر علی رضی اللہ عنہ — منکشف شد سرِّ پنہانی ازان

رایت ربی بربی بنگری — درتسلسل از علی رضی اللہ عنہ سرِّ نہان

شدقبول ازحکم حق گوشہ نشین — اندرین عالم بدین نام و نشان

ترجمہ:

اے زمین و آسمان کے پروردگار
میں جو کہ ان دونوں جہانوں میں ہوں
میرا دور میرے بعد بھی یہی رہے (میرا آستانہ)
ابدارآباد تک یہی زمانہ و دور (آستانہ) قائم رہے

اے عالم اسباب کے پیدا کرنے والے
مسبب کے بغیر تو سبب چاہتا ہے
تیرے حکم سے سارے عالم کا نظام ہے مخلوق اور
حق کی جانب سے بے کم وکاس دنیا میں آئی ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ظاہر اور باطن میں اللہ کی مشیت کا اظہار ہوا

رب کی مشیت ہی عیاں ہے

حکم خدا احکام (خدا) پر عمل کر کے لئے یہ ایک امتحان ہے

نہیں ہے بغیر وسیلے کے (خدا نے) کون وکان (قائم)

آدمؑ (اور تمام) انبیاء اکرام کی تعلیم اور تبلیغ

خاتم الانبیاء پر تمام ہوئی

سردار رسل ختم الرسل کا مقدس فیض

حضرت علیؓ اہل ولایت ہوئے خاص ہوئے

حضرت علیؓ پر اسرارِ علم لدنی

منکشف ہوئے اور پوشیدہ راز بھی

میں نے اپنے رب کو دیکھا اپنے سر کی آنکھوں سے (حدیث شریف)

یہ پوشیدہ اسرار کا سلسلہ حضرت علیؓ سے (قائم ہے)

حکم حق سے ہوا ہے گوشہ نشین قبولؔ

اس عالم میں اسی طرح نام ونشان (قائم)

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ابیات معہ قصیدہ دعائیہ درحق شاہ دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

شاہِ ما اے شاہِ ما اے شاہِ ما
بے تردد باش اے ذیجاہِ ما

مژدہ بادت از خدا غیب اللسان
از لسانِ خلقِ حق، حق البیان

خاطرِ خود دار یکسو با خدا
باخدا شوباخدا شوباخدا

از طفیل مصطفےٰ مشکل کشا
مشکلت آسان شود بہر خدا

اے خدا از فضلِ تو فیضِ نبی
شاہ ماباشد قوی از تو قوی

ہر تمنائی کہ دارد در دلِ اُو
زود برار از دلش ہر آرزو

ہر مُرادِ او ظہور بہ بود
با مرادِ دل خوشئ او شود

اے خدا در شہر این سردارِ قوم
می زیم در حبِّ تُو بانامِ نوم

تو ودیعت داد او را در جہان
یاد ودیعت خلق باشد در امان

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

پیشِ تو مقبول شد اسلام ودین
حاکم ما اہل اسلام است یقین

تو چنان گوئی چنان خوانی چنان
آن چنان کن آن چنان کن آن چنان

بہتری بہبودئ ہر دو جہان
حاصلش باشد درین کون ومکان

عمر و دولت بامراد دل بود
کارِ دنیا دینِ او بہتر شود

فکر دل را دور کن از شاہِ ما
در زمان و برزمین زیر سما

حل مشکل حل شود از فضل تو
ہیچ مشکل نیست پیش بذل تو

فرحت و شادی مسرت انتظام
ملک ومخلوقات باشد از نظام

تاابد باشد مرام خاص و عام
از نظام الملک شہ عالی مقام

جشن چہل سالہ مبارک شاہ را
شصت دہم ہشتاد وصد ذیجاہ را

از خد آید ہمیں نوع در زمان
یک صد وبست ہم بباشد در امان

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

جشنِ اوّل سال سن آمد به بین
برزمین از مہر و مه روشن ترین
بست و سه، سه صد بر آن بلند ہزار
جشنِ محبوبِ دکن در روزگار
تابعمر و یک صد و سی این چنین
تابد باشد بدین ظل آله
سال جشن شاه ماورسکِ نظم
بہر تفہیم عموم آمد به عزم
متقضا من تقاضه کرو این
اے قبول از بہراین گوشه نشین
ہرچه تو گوئی بگوشاعر نئی
از خدا خواہی دعا باشد قوی
ظاہر و باطن تو دانی ایخدا
بی تو کی خواہد دعارا این گدا
راز دان ظاہر و باطن توئی
کاروبار راز مارا بشنوی
سکه محتا جم بتو و رہر امر
این امراہم بتو وارم شمر
در فقیری نام مشہور مه قبولِ
مستجب باشد دعا بہر رسول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: ابیات معہ قصیدہ دعائیہ درحق شاہ دکن خلداللہ ملکہ وسلطنۃ

اے ہمارے شاہ اے ہمارے شاہ اے ہمارے شاہ

بے تردد آپ ہیں اے ہمارے بادشاہ

خدائے غیب اللسان کی جانب سے مبارک ہو

مخلوق کی زبانِ حق سے، حق بیان ہوا ہے

باخدا! خدا سے دُعا ہے دُعا کرنے والوں کی

اے خدا! دُعا کرنے والوں کی دُعا کو قبول فرما

خدا سے لگن و یکسوئی رکھو اپنی خاطر (معرفت خدا کے لئے)

خدا سے ہو خدا سے ہو خدا سے ہو

حضرت مصطفی مشکل کشا طفیل میں

خدا سے مشکلیں آسان ہوتی ہیں

اے خدا تیرے فضل سے اور رسولِ پاک کے فیض سے

ہمارے بادشاہ کو قوت وطاقت عطا ہو

(بادشاہ) جو بھی تمنا اپنے دل میں رکھتے ہیں

جلد برائے (اللہ تعالی) ان کے دل کی ہر آرزو

جو بھی مراد ان کی ہو

ہر مراد کی کامیابی کے ساتھ ان کا دل خوش ہو

اے خدا اس شہر میں اس قوم کے سردار (اور)

ہم تیری محبت میں نام وعزت سے زندگی بسر کریں

تونے ان کو دنیا میں بادشاہت دی ہے

اور یہ اپنی رعایا کے ساتھ امن کا معاملہ کریں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ان کے سامنے (دور میں) دین اسلام مقبول ہوا

یقیناً ہمارا حاکم اہل اسلام ہے

تو نے اس طرح کہا اس طرح پکارا اس طرح (بادشاہ کا ہر حکم)

اُس طرح کر اُس طرح کر اُس طرح (بجا لاؤ)

(اے خدا) دونوں عالم میں کامیابی و بہتری

چاہے ان کو (انہیں عطا کر) کون و مکان میں

عمر (میں زیادتی) و دولت میں (ترقی) دل کی مراد پوری ہو

ان کے دین و دنیا کے کام پورے ہوں

ہمارے بادشاہ کی دل کی فکر دُور کر

دُنیا میں زمین پر اور زیر آسمان

(اے خدا) تیرے فضل و کرم سے تمام مشکلیں حل ہوں

جو تیرا فضل ہو تو کوئی مشکل نہیں

فرحت، خوشی اور مسرت سے انتظام

ملک اور مخلوقات کا منظم ہو

تا ابد ہر عام و خاص کی مراد

نظام الملک شہ عالی مقام پوری کریں

چالیس سالہ جشن، شاہ کو مبارک ہو

ساٹھ سالہ اور اسی سالہ اور سو سالہ بادشاہ کو

خدا کرے اسی طرح آئے ہر وقت

ایک سو بیس سالہ ہو امن و امان

جشن اوّل آیا ہے سال و سن دیکھو

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

زمین، چاند اور سورج سے روشن ہے

تئیس اس پر تین سو اور اس پر ہزار ۱۳۲۳ھ

جشن محبوب دکن کے روز گار

ایک سو تیس کی عمر تک بھی

اس طرح جشن محبوب دکن منعقد ہو

اے خدا، بادشاہ کا یہ جشن قبول ہو

(اور) تا ابد شاہ کا سایہ (قائم رہے)

ہمارے بادشاہ کے جشن کا سال سبک نظم میں (ڈھالنے کا کام)

عزم سے کیا ہے تاکہ عوام آسانی سے سمجھ سکیں

مجھ سے یہ تقاضہ کیا گیا ہے

اے قبول اس گوشہ نشین کے واسطے

جو کچھ تو کہتا ہے نیا شعر

خدا سے دُعا کر کہ قبول ہو

اے خدا تو ظاہر و باطن کا جاننے والا ہے

تیرے سوا کون ہے جو اس فقیر کی دُعا سنے

تو ہی رازدان ہے ظاہر و باطن کا

ہمارے کاروبار کے راز کو سن لے (قبول کر لے)

مَیں تو ہر کام میں تیرا محتاج ہوں

اس کام میں بھی تجھ سے اُمید رکھتا ہوں

فقیری میں میرا نام قبول ہے

دعا مقبول ہو رسول ﷺ کے واسطے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قصیدہ

اے خدا من که ہستم بر زمین
در زمان زیر سما فضلت چنین
فقرِ فخری را لباس سا ختم
در رہِ دین' دین اولیا ہمین
از طفیلِ مصطفےﷺ و مرتضےؓ
بافتم تعلیم خضری کاندرین
لِلّٰہ الحمد این دعا گو خاص شد
از یقین عین الیقین حق الیقین
اے خدا من عاجزم تو بے نیاز
در مکانِ دل توئی باشد مکین
مسکنم در شہر حیدرآباد شد
حاکم این حاکم است از اہل دین
شکرِ تو صه شکر بلکه صد ہزار
بادشه دادی امیر المسلمین
نام اور محبوب علی خان بادشاہ
ظل سبحانی و ظل اللّٰہ ست این
کاز آنام را پشت و پناہ
فخر اسلام است و اسلامش یقین

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

تاقیامت دار با امن وامان
ملک و مخلوقات چون حبل المتین

من کیم در حق شه گویم دعا
فیض باطن سرِّ حق آمد برین

عاجز و ناچیز و مسکین و فقیر
روز و شب دستِ ودعا دار و چنین

فضلِ حق ہم باد بر اولادِ او
از طفیل پنجتن اعلٰی ترین

عمر و دولت با و روز افزون فزون
جاہ و اقبالش وا جلالش قرین

نامِ نامی نام محبوب القلوب
عدل و بذل شاہ و شاہانہ ازین

صدق و عدل و حلم جرات ہم عطا
فیض اصحابِ شفیع المذنبیںﷺ

در ہمہ اوصاف یکتائے زمان
لطف وکرم وجود و رحم راحمین

یک صدو سی سال گردد عمر شاہ
از لطیفِ رحمۃٌ اللعالمین

کامیابی دلی باشد مدامِ
اے خدا از بہر ختم المرسلین

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

فتح و نصرت عزت وجاہ وجلال
باد بادشاہ دکن شوکت گزین
دائماً باشد دواماً حفظ حق
تابد باشد برب العالمین
این دعاءِ صدق دل باشد قبول
مدعائے دوجہان حاصل ازین
دستگیر دو جہان حامئی او
جملہ اولیا شریکِ اود رین
اے خدا اے من کہ ماموروم باد
در دعا گوئی شدم گوشہ نشین
اے قبول از بارگاہ ذوالجلال
این عطائی حق عطائے حق بَبیں

ترجمہ: قصیدہ

میرے خدا! میں جو (تیری) زمین پر رہتا ہوں
تیرے فضل وکرم سے اسی دنیا میں زیر آسمان
میں نے فقر پر فخر کو اپنا لباس بنایا ہے
اولیاء کا طریقہ دین کے راستے میں یہی ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

مصطفٰےؐ اور مرتضٰی رضی اللہ عنہ کے طفیل میں

مَیں نے (اس دین کی راہ میں) علم خضرؑ پایا ہے

شکرِ خدا یہ دعا گو خاص ہوا

یقین سے عین الیقین حق الیقین ہوا

اے خدا تو بے نیاز ہے اور میں عاجز ہو

میرے دل کا مکین تو ہی ہوگا

میرا مسکن شہر حیدرآباد ہو

اس شہر کے حاکم اہل اسلام سے ہیں

تیرا شکر سو مرتبہ بلکہ سو ہزار مرتبہ

تو نے بادشاہ دیا امیر المسلمین

اُن کا نام محبوب علی خان بادشاہ ہے

یہ ظل سبحانی اور ظل اللہ ہیں

ان کا کاز (مقصد) پشت پناہی ہے

وہ فخرِ اسلام ہیں اور ان کا اسلام یقینی ہے

تا قیامت رکھ امن و امان کے ساتھ

ملک اور رعایا کو جیسے حبل المتین

میں کون ہوں کے بادشاہ کے حق میں دُعا کروں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

اِن پر فیضِ حق اور سرِّ باطن کُھلا ہے

عاجز ہے ناچیز ہے مسکین اور فقیر ہے

دن رات دست بدعا ہے اسی طرح

فضل حق ہو ان کی اولاد پر بھی

اعلیٰ ترین پنجتن پاکؑ کے طفیل

عمر و دولت میں روز افزوں اضافہ ہو

اور جاہ و اقبال میں اضافہ ہو

ان کا نام گرامی محبوب القلوب ہے

عدل اور توجہ بادشاہ کی اسی طرح (قائم) رہے

اے خدا سچائی، عدل، حلم اور جرات عطا کر

اصحاب رسول کا فیضِ بھی عطا کر

تمام اوصاف میں یکتائے زمانہ ہیں

ارحم الراحمین لطف و کرم، جود و سخا عطا کر

عمر شاہ ایک سو تیس سال ہو

از لطف رحمۃ للعالمین ﷺ

ہمیشہ دلی کامیابیاں عطا کر

اے خدا ختم المرسلین ﷺ کے نواسوںؓ کے طفیل

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کامیابی، مدد، عزت اور جاہ و جلال

بادشاہ دکن کو ہمیشہ عطا فرما

حق کی حفاظت میں دائماً و دواماً رہے

اے رب العالمین یہ بادشاہت تاابد رہے

یہ صدق دل سے کی جانے والی دُعا قبول فرما

اس دعا سے دونوں جہانوں کا مدعا حاصل ہو

دونوں جہانوں کے دستگیر (حضور غوث پاکؓ) ان کے حامی ہیں

اور تمام اولیا بھی حمایت میں شامل ہیں

اے قبولؔ بارگاہ ذوالجلال سے

یہ عطائے حق عطائے حق دیکھو

اے میرے خدا مجھ کو مامور فرما

دُعا گوئی میں گوشہ نشین ہوگیا

رباعی

اے خدا بہر نبی ﷺ و آل و اصحابِؓ رسول

از طفیل اولیاء و نیز اولادِ بتول رضی اللہ عنہ

ملک و مخلوقات حیدرآباد باشد در امان

ہم ملک باملکِ خود حفظِ خدا دارد قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ:

اے خدائے پاکؐ وآلِ نبی واصحاب رسول کے واسطے

اولیاء اللہ اور اولاد بتولؓ کے طفیل میں

حیدرآباد کے بادشاہ اور رعایا امن وامان میں رہے

قبول کی دعا ہے کہ بادشاہ اور ان کا ملک خدا کی حفاظت میں رہے

رباعی

اے خدائے کریم عز و جل

شاہ ماشہ نشین صدر عدل

بمراد دلی بود افضل

تاابد شاد باشد واکمل

ترجمہ:

اے کریم خدائے عزوجل

ہمارے بادشاہ عدل کی کرسئ صدارت پر رہے

ہر مراد ان کے دل کی پوری ہو

تاابد وہ خوش اور اکمل رہے

رباعی

بادشاہ دکن بملک دکن

ہمہ مخلوق و ملک او بامن

اے خدا تا ابد بودایمن

این دعاے قبول ہست ہمہ تن

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ:

بادشاہِ دکن اور ملک دکن
ساری رعایا اور اس کی ملکیت امن میں رہے
اے خدا ابد تک امان رہے
یہ دُعائے قبولؔ ہے دل و جان سے

رباعی

عمر و اقبال شه تزاید باد
به محمد و آله الامجاد
این دُعائے قبول گوشه نشین
بادشه شاد ملک شه آباد

ترجمہ:

بادشاہ کی عمر اور اقبال زیادہ ہو
بحق رسول ﷺ و آل رسول ﷺ
یہ دُعائے گوشہ نشین قبول ہو
بادشاہ شاد رہے اور اس کا ملک آباد

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

دربیان نفس الامر دعا

من فقیرم بارگاهِ ذوالجلال ملتجی ام باخدا در قیل و قال
دست بکشا دم دعارا بالیقین التجا دارم بِلا رنج و ملال
ہر دعائے که کنم در روز و شب اے خدا در پیش باشد بے زوال
شان' عظمت' کبریائی شان تو دست بکشایم بکن جو دونوال
تو کریمی رحیمی و قدیم فیض و فضل تو بود دایم بحال
من گنہگارم و مجبورم ازان پیش تو آسان بود امرِ محال
ہر کسے آمد و آرو آرزو بامراد دلِ بر دابزو تعال
اے مسلمانان' طلبگاران دین باخلوصِ دل رجوع بے احتمال
گرچنین باشد طلب گارِ دعا حل مشکل حل شود از لا یزال
نیت و دل را نگہه دارد خدا بے شبه بے مکر باشد بے ہمال
ظاہر و باطن یکے دارد یکے اول و آخر ظہور بے مثال
لطف وکرم وفضلِ حق رابنگری کر دواماً این چنین دارے خیال
اے خدائے من که دربیم ورجا می زیم باخلق تو شرمنده حال
از طفیل مصطفےؐ آلِ نبیؐ پیشِ تو مقبول باشد ہرسوال
بهر اصلاحِ ہمه خلقِ خدا کوششی دارد قبول بے کمال

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: دربیان نفس الامر دعا

میں فقیرِ بارگاہِ ذوالجلال ہوں
خدا سے التجا کرتا ہوں قیل و قال پر
(میں نے) دُعا کے لئے یقین کے ساتھ ہاتھ پھیلایا ہے
اللہ سے التجا کرتا ہوں رنج وملال کے بغیر
میں جو بھی دُعا دن رات کرتا ہوں
اے خدا تیرے سامنے ہو زوال نہ ہو
تیری عظمت و کبریائی کی شان
جود (سخا) و بخشش عطا فرما میں ہاتھ پھیلایا ہوں
تو کریم تو رحیم اور تو قدیم ہے
تیرا فیض وفضل ہمیشہ (ہم پر) بحال رہے
میں گنہگار ہوں اور مجبور
ہر امر محال تیرے لئے آسان ہے
جو کوئی تیری بارگاہ میں آرزو لے کر آتا ہے
اللہ تعالیٰ اس کی ہر دلی مراد کو برلاتا ہے
اے مسلمانوں اے دین کے طلب گارو
خلوصِ دل سے جستجو کرو نتیجے کی فکر کے بغیر

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

اگر اس طرح دُعا کے طلب گار ہوں گے
تو اُس لازوال کی طرف سے ہر مشکل حل ہوجائے گی
خدا تو بس نیت اور دل دیکھتا ہے
بلاشبہ بغیر مکر، نیت صاف ہونا چاہئے
ظاہر و باطن یکساں ہونا چاہئے
اوّل اور آخر وہی بے مثال ہے
خدا کے لطف و کرم اور فضل کو دیکھو
اگر دواماً اسی طرح خیال رکھتے ہو
اے میرے خدا! میں اُمید اور خوف میں ہوں
جیتا ہوں تیری مخلوق میں مگر شرمندہ حال ہوں
آل نبی اور حضرت مصطفٰے ﷺ کے طفیل
تیری بارگاہ میں ہر دُعا قبول ہو
ساری خلق خدا کی اصلاح کے لئے
ایک کوشش کرتا ہوں میں قبولؔ بے کمال

دیگر

من فقیرم فقر و فاقه ام لباس
مالداران راز من باشد هراس
درمیانِ خلق با راز و نیاز
اے خدا من نوکردی روشناس

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

من نم یدانم چنین است آنچنان
فرض منصب را نگهه دارم بپاس
لطف و فضل تو بِلا حد و حساب
ماسوا را کے سوا داند قیاس
از طفیلِ مصطفےﷺ نامم قبول
ازمنِ مجبور چه آید سپاس

ترجمہ: دیگر

میں فقیر ہوں فقر و فاقہ میرا لباس ہے
مالداروں کو مجھ سے خوف و ہراس ہے
مخلوق کے درمیان راز و نیاز کو
اے میرے خدا تونے روشناس کردیا
میں نہیں جانتا اِس طرح اُس طرح
فرض منصب کی نگہدبانی کرتا ہو بغیر آس
تیرا لطف و فضل بے حد و بے حساب ہے
تیرے سوا کون جانتا ہے اور کس کو قیاس ہے
حضرت مصطفےؐ کے واسطے میرا نام قبول ہو
مجھ جیسا مجبور تیری کیا شکر گذاری کرسکتا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

اولاد علی رضی اللہ عنہ آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عربی ام
مشہور حسنی رضی اللہ عنہ وحسینی رضی اللہ عنہ لقبی ام
فخرم بفقیری کہ فقیر نسبی ام
احسن بہ نسب فوق حسینی حسبی ام

ترجمہ:

اولاد علیؓ آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور عرب ہوں
حسنیؓ و حسینیؓ لقب سے مشہور ہوں
فخر ہے فقیری پر کہ میری فقیری نسبی ہے
نسب خوب ہے حسب میرا حسینی ہے

رباعی

اے خدا بس قادر مطلق توئی
قادری کردی مرا بر حق توئی
یامحی الدین معین الدین علیہ الرحمۃ قبول
فیضِ ہر دو حق بحق ایحق توئی

ترجمہ:

اے خدا بس قادر مطلق تو ہی ہے
مجھ کو قادری بنایا بر حق تو ہی ہے
یا محی الدین معین الدینؒ قبول
ہر دو کا فیض حق بحق ہے اور حق تو ہی ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

خواجۂ ما اہل چشت بندہ نوازؒ
بندہ ام بابندگانِ شاہ باز
شد قبول از فیض او گو شہ نشین
درد کن شانِ خدا بندہ نواز

ترجمہ:

ہمارے خواجہ اہل چشت بندہ نواز ہیں
میں ان کا غلام ہوں غلامانِ شاہ باز کے ساتھ
ہو قبول ان کے فیض سے گوشہ نشین
دکن میں شان خدا بندہ نواز

مرقوم عشرہ ربیع الثانی سنہ ۱۳۲۳ ہجری

تمت

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

دُعآءِ مُعظّم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ اَللّٰھُمَّ یَا وَلِیَّ الْوِلَآءِ یَا
شَافِعَ الدَّآءِ یَا کَاشِفَ الضَّرَّآءِ وَالْبَلَآءِ صَرِّفْ عَنَّا الْقَھْرَ
وَالْمَرَضَ وَالْوَبَآءَ وَالطَّاعُوْنَ وَالْقَحْطَ بِحَقِّ مُحَمَّدِ
نِالْمُصْطَفٰی ﷺ وَعَلِیِ نِالْمُرْتَضٰی رضی اللہ عنہ وَفَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ رضی اللہ عنہا
وَحَسَنِ الْمُجْتَبٰی رضی اللہ عنہ وَحُسَیْنِ رضی اللہ عنہ الشَّھِیْدِ بِکَرْبَلَا یَارَبَّنَا
یَا رَبَّنَا یَارَبَّنَا اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی
عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

دُعائے فارسی

اے خدائے ماطفیل پنجتن

مرض طاعون را دفع کن از دکن

این بلاے ناگہاں را دور کن

از زمان دورِ زمان چرخِ کہن

خوف دحشت ہر یکی را کن دفع

مَلک ومخلوقات باشد در امن

منقلب مہلک نبا شد امرِ تو

دُور از دَورِ زمان رنج ومحن

با خوشی خوش حال باشد خلقِ تو

ہمچنین فضل و کرم داری به من

کلمۂ طیِّب دُرود وَ اصّلوٰۃ

ورد خاص و عام باشد این سخن

عاجز و ناچیزم ونامم قبول

کن قبول ہر یک دعا ای ذوالمنن

اٰمین اٰمین یارَبَّ العٰالَمین

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: دُعائے فارسی

اے ہمارے خدا، پنجتن پاکؓ کے طفیل
مرض طاعون کو دکن سے دفع فرما
اس ناگہانی بلا کو دُور فرما
اس دورِ زمان اور زمانہ قدیم سے
ہر ایک کی وحشت وخوف کو دفع کر
ملک اور رعایا امن میں رہیں
یہ مہلک بیماری اور یہ رنج وآزمائش
تیرے حکم کے بغیر دور نہیں ہوگی
(اے خدا) تری مخلوق خوشی سے خوشحال رہے
اسی طرح تیرا فضل وکرم مجھ پر رہے
کلمۂ طیب اور دُرود و صلواۃ
یہ سخن ورد وخاص وعام ہے یہ سخن
میں عاجز وناچیز میرا نام ہے قبولؔ
اے ذوالمنن ہر دُعا قبول کر

امین امین یارب العالمین

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

اس دعائے معظم کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل ایک سو اکیس مرتبہ کلمۂ طیب پڑھ کر دُرود شریف بھی ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے بعد دو رکعت نماز نفل بہ نیت رفع بلائے طاعون اس طرح ادا کرے کہ رکعت اولیٰ میں بعد سورہ فاتحہ کے اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ اور رکعت ثانی میں بعد سورہ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام کے دعائے معظم مندرجہ صدر کو مع جملہ ابیات تین بار اوّل و آخر تک نہایت ہی خلوصِ دل سے پڑھے۔ پس انشاء اللہ تعالیٰ جو صاحب اس دُعا کو حسب شرط مندرجہ بالا صدقِ دل سے روزآنہ ہر جمعہ یا ہر ماہ میں ایک بار پڑھا کریں گے تو وہ جمیع بلیات سے عموماً و بلائے طاعون سے خصوصاً محفوظ رہیں گے۔

مخفی نہ رہے کہ چونکہ اس دُعائے معظم کو ہمارے مرشدی و مولائی حضرت سید شاہ محمد قبول بادشاہ صاحب قبلہ قادری حسنی الحسینی گوشہ نشین سجادہ کلاہ پوش زرین اوام اللہ فیضانہم نے ہم خادموں کے واسطے رفع بلائے طاعون کے پڑھنے کی اجازت حسب شرط مندرجہ بالا عطا فرمائی۔ اس لئے میں دُعا گو فقیر سید شاہ محمد مہدی بادشاہ قادری حسنی الحسینی خادم و برادر حقیقی حضرت مرشدنا ممدوح الشان ساکن فرخندہ بنیاد حیدرآباد بازار نور الامراجہت حفظ امن عامہ خلائق از بلائے طاعون بذریعۂ اشتہار ہذا شائع کرتا ہوں۔ ۱۱/ذی الحجہ ۱۳۲۲ ہجری روز پنجشنبہ

تمت

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

چند اشعار دل پزیر لازم تحریر اپنے برادران ہم رابطۂ ارادت کے بنا بر ا
طالبین و مریدین اس رسالہ ارشادات قبول میں منسلک و مندرج کر دیا۔ تقبل ا
منھم بقول الکلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اشتہار واجب الاظہار

طَلَبُ الۡعِلۡمِ فَرِیۡضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسۡلِمٍ وَّ مُسۡلِمَۃٍ

افتتاح دار العلوم۔ اسلامی موسوم۔ بہ مدرسہ۔ قبول مرتضوی

کا اعلان کرنے سے پہلے مشتہر پر تین امر کا اظہار واجب گردانا گیا۔

اولاً بانی مدرسہ کی تعریف۔ کہ کس بزرگ نے بناء فرئی اور کیوں۔

ثانیاً۔ کس بادشاہِ ذیشان کے عہد حکومت میں یہ مدرسہ کھولا گیا۔

ثالثاً۔ شرح علوم۔ قطعہ تاریخ۔ واستدعا

ا) حضرت غوث زمان، ہادی وادی، معرفت و حقیقت، دردریائے شریعت وطریقت، مج
وقت، نائب رسول، سجادہ خاندان کلاہ پوش زرین، مرشدی و مولائی پیر دستگیر جناب سید
قبول بادشاہ صاحب قبلہ حسنی الحسینی القادری الملتانی گوشہ نشین دام فیوضاتہ و برکاتہ خلف
حضرت قدوۃ السالکین وزبدۃ العارفین جناب حضرت سید محی الدین بادشاہ صاحب
قبلہ، کلاہ پوش زرین قدس سرہ ساکن بازار نور خان، متصل کھڑکی حضرت بودلے ولی

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

صاحب قبلہ قدس سرہٗ من محلات حیدرآباد فرخندہ بنیاد کی۔ زمانہ دراز سے درگاہ مجیب الدعوات میں روز وشب یہی التجا تھی کہ والد موصوف قدس سرہ کی قدیم مسجد کے متعلق باقیات الصالحات سے یہ چار چیز بنا کرنے کا غیب سے سامان مہیا کردے۔

اوّل مدرسہ　　　دوم خانقاہ

سوم مسافر خانہ　　　چہارم حوض

چونکہ یہ کام بغیر زر کثیر صرف کرنے کے نہیں ہوسکتا تھا۔ حضرت پیرومرشد صاحب قبلہ گوشہ نشین اور ظل اللہ کے خاص دعا گو ہونے کی وجہ امیر اور نواب' جاگیردار اور معزز عہدہ داران ریاست اور اہل دول سے کسی طرح کی ملاقات کا طریقہ رکھا ہی نہیں اور نہ کسی ذی مقدرت نواب یا عہدہ دار سے ربط اور ارتباط رکھ کر مدد اور معاونت کی خواہش ظاہری ہی نہ فرمائی۔ لاکھ لاکھ شکر ہے اس قادر مطلق کا کہ خزانہ توکل سے اپنے فرض منصبی پر قائم اور اس کی مرضی پر قانع رہنے کی وجہ ذریعہ تحفہ وہدیہ ونذر۔ غلاموں اور خانہ زادوں سے اس قدر رقم فراہم فرمادیا کہ فی الحال یہ دو عمارت۔ ایک تو مدرسہ قبول مرتضوی، اور دوم خانقاہ قبول مصطفوی خاص اسی غرض سے کہ ہر شخص مالک دکن کی سلامتی اور ازدیاد عمر واقبال کے لئے وقتیہ ہر طرح کی خوشیاں مناتے ہیں۔ عموماً ہمیشہ بعد نماز پنجگانہ دعاء ازدیاد عمر واقبال شاہنشاہی کے لئے بنا فرمائے۔

۲) ان مبارک عمارتوں کا ظہور ایسے نیک اور پیارے ہردلعزیز بادشاہ کے زمانہ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

میں ہوا کہ جس کی توصیف امکان بشری سے خارج ہے۔ جس کا مجموعی خلاصہ یہ ہے
عقل، علم، عدل، فضل، جود، شجاعت، قدرت، حشمت، رحم، کرم، متانت، حلم وغیرہ جملہ
اوصافِ حمیدہ متصف بصفات الٰہی کے جواہر مرصع کا تاج صانع قدرت نے آپ کے
سر پر عطا فرمایا ئندہ کس کی مجال نہیں کہ تاج سے فرق کر سکے اور کچھ لکھ سکے۔ الٰہی
تادور زمین و آسمان، شاہ زمان فتح جنگ، نظام الدولہ، نظام الملک، آصف جاہ میر محبوب
علی خان بہادر ہز ہائنس نظام، جی۔ سی۔ یس۔ ای۔ جی۔ سی۔ بی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ
کے زیر سایہ اور بانئ مدرسہ کے فیضِ باطن سے ہم سب دعا گوؤں کو بہریاب رکھ آمین
یارب العالمین۔

۳) یہ مدرسہ ۲۶/ ماہ رمضان شریف ۱۳۱۷ ہجری روز یکشنبہ بعد نماز صبح کھولا
گیا۔ اس مدرسہ میں قرآن شریف' حدیث شریف' فقہ و حقائق' تاریخ' عربی و فارسی
پڑھائے جاتے ہیں اے برادران دینی خصوصاً امرائے جلیل القدر اور عہدہ داران
ذی مقدرت عموماً جمیع اہل کافہ انام کی خدمت میں بہ مشتہر گذارش پرداز ہے کہ آپ کے
فرزندان چمن قدرت کے نونہالوں کو دعائے جاری اور دینی تعلیم کی شادابی سے سرسبز
فرمانا آپ کا فرض ہے۔ لہٰذا آپ اپنے پیارے فرزندوں کو اس دینی مدرسہ میں داخل
فرما کر ادائے فرض سے سبکدوش اور طلباء کو مستفیض بہ دُنیا و آخرت کرائینگے۔ مدرسہ
کے اوقات یہ ہیں۔

صبح ۷ بجے سے ۱۱ بجے تک۔ ۱۲ بجے سے شام کے ۴ بجے تک فقط

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ مدرسۂ مبارک

کرد بنا درس گہ مرتفع　　مرشد من مرشد روز است

نادر مداح چنین سال گفت　　مدرسہ رہبر کونین ہست

۱۳۱۷ھ

ترجمہ:

مدرسہ بنایا ہے بہت ہی اعلیٰ ❖ میرے پیر و مرشد، روز الست سے

مداح نادر نے اس طرح سنہ کہا ❖ مدرسہ رہبر کونین ہے

قطعہ تاریخ خانقاہ شریف

مرشدم قصر ہمچو چرخ رفیع　　کرد تعمیر مثل شان ملوک

گفتہ تاریخ بندۂ نادر　　خانقاہ قبول شاہ سلوک

۱۳۱۷ھ

ترجمہ:

میرے مرشد نے عالی شان محل ❖ تعمیر فرمایا ہے

یہ غلام نادرؔ نے کہی تاریخ ❖ خانقاہ قبول شاہ سلوک

المشتہر

خیر خواہ باطن و ظاہر محمد جمال الدین نادرؔ ساکن سکندرآباد جنرل بازار نبیرہ محمد یٰسین منصبدار مرحوم علاقہ دار حضرتہ جنابہ دلاور النساء بیگم صاحبہ جنت آرام گاہ۔

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قصیدہ

در مدح حضرت مولانا و مرشدنا پیر و مرشد حضرت سید شاہ محمد قبول بادشاہ
صاحب حسنی والحسینی قادری گوشہ نشین سجادہ کلاہ پوش زرین
محبوب الٰہی دام فیوضاتہ و برکاتہ

لِلّٰہ الحمد آج ہوں خوش حال — دل میرا فیض سے ہے مالا مال
روز شب چین سے گزرتے ہیں — ہے کسی بات کا نہ دل میں خیال
بے نوائی میں گو کے ہوں مشہور — بانوائی کی کر رہا ہوں مقال
یوں تو کچھ بھی نہیں ہے میرے پاس — پر بہت کچھ ہے سامنے زر و مال
در دولت پہ ہوں کھڑا جن کے — ہیں فقیری میں بے نظیر و مثال
یعنی سید قبول شاہ زمان — حسنی و حسینی پر اجلال
متمد خاص کبریا کے ہیں — واہ رے شان واہ رے اقبال
معدن جود مخزنِ رحمت — منبع فضل مرجع آمال
ہے سخاوت میں عزت حاتم — اور اخلاق میں فرشتہ خصال
تجھ سے ممدوح کی صفت ہو کہاں — بس کر اے نادرِ شکستہ مقال
ہے یہ بہتر کے باادب ہو کر — اپنے مقصود کا سنا کچھ حال
اے کرم شیوہ و قمر سایہ — اے فلک پایہ و بلند اقبال

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

آپ ہم رتبہ سلیمان ہیں
میں ہوں اک مور بے زبان بے بال

فضل میں آپ بے نظیر و جواب
بزل میں آپ بے عدیل و مثال

کون ہے آپ سا زمانہ میں
مظہرِ فضل و مرجعِ آمال

آپ اللہ کے کرم سے ہوئے
فخر سادات و حال و استقبال

گلشن مصطفیٰؐ کے گل ہیں آپ
آپ ہیں باغ مرتضوی کے نہال

حضرت دستگیر عالم کے
آپ دلبند ہیں خجستہ خصال

خواجہ ہند کے ولی عطائے رسول
آپ کو دل سے مانتے ہیں آل

میں ہوں یک خستہ دل جگر افگار
میں ہوں بک بندۂ شکستہ حال

عاجز و دل برشتہ و ناچار
بیکس و بدنصیب و بے زر و مال

فلکِ فتنہ ساز بھی رو دے
گر مصیبت کا میں کہوں کچھ حال

خادمِ خادمان عالی ہوں
ہوں سزاوار لطف و جود و نوال

کیا عجب آپ کی توجہ سے
میں جو ہو جاؤں صاحبِ اقبال

آپ سے فیض ہے ہزاروں کو
میں بھی ہو جاؤں آپ سے خوش حال

دستگری اگر میری ہو جائے
طالع ہو سعد اور بلند اقبال

آپ سے فیض ہو ہزاروں کو
آپ کے دشمنوں کو رنج و ملال

آپ کے سب غلام شاد رہیں
رہیں بدخواہ آپ کے بدحال

نادرؔ خستہ کر دعا پہ تمام
اب کوئی دم میں ہوگا مالا مال

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قطعہ تاریخ تولد حضرت صاحبزادہ صاحب قبلہ زادعمرہ

(موسوم بہ سید محمد مصطفٰے بادشاہ صاحب قادری حسنی الحسینی قبلہ زادعمرہ)

پیرو مرشد کو میرے اللہ نے بیٹا دیا

نورافزائے رخ خورشید انور رشک ماہ

درۃ التاج بھی خورشید اوج احترام

مسند آرائے سعادت لایقِ تکریم جاہ

جس نے دیکھا روئے رنگین اس گل نوخیز کا

کہہ اٹھا یوں یوسف ثانی ہوا بے اشتباہ

یاالٰہی رکھ سلامت زیر ظل والدین

اس میرے سرتاج کو شاداں وفرحاں دیرگاہ

نادرِ مدحت سرا لکھ باسرا امید سال

قطب وقت عالی نسب سید محمد بادشاہ

۱۳۲۰ھ

گذارندۂ خانہ زاد خاص فدوی نادرؔ

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

هوالغنی

مہر چرخ وفا ہے آپ کی ذات — ماہ برج عطا ہے آپ کی ذات
در درج چا ہے آپ کی ذات — لعل کان سخا ہے آپ کی ذات

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قصیدہ

پکارا ہاتفِ غیبی ہے فیضِ عام قبول
قبولِ حق ہے کردمشتہر کلام قبول
پیا جو جرعۂ صہبائے عشق جام قبول
ہوا ہے مست الیست برب غلام قبول
جلا دیا دلِ مردہ کو اک اشارہ میں
ہوا ہے عیسی دوران مگر کلام قبول
زمین سے تا بہ فلک اور فلک سے تا افلاک
یہاں وہاں ہے دوعالم میں اہتمام قبول
ولا ہے کس لئے شیطان کی رہزنی کا ہراس
جب اپنا خضرِ طریقت ہے پاس نام قبول
بغیر چشم بصیرت کے کُھل نہیں سکتا
خدا رسول کے ہاں جو ہے احترام قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

میں اپنی مایۂ قسمت پہ فخر کرتا ہوں
پکارتے ہیں جو خاصان رب غلام قبول

کبھی جو راہِ طریقت میں کھاتا ہوں ٹھوکر
سنبھال لیتا ہے آکر کے احتشام قبول

قبول پر ہو فدا، ہونا چاہے گر مقبول
بتا رہی ہے ہمیں شان پاک نام قبول

شریعت اور طریقت حقیقت و عرفان
یہ چار رکن سے قائم ہے انتظام قبول

مری مراد ہی برلاوئے اے قبول اللہ
خدا سے تم کو ہوا ہے عطا مقام قبول

بروز حشر کہوں گا میں اے خدائے غنی
نہیں کچھ اور میرے پاس، جز بنام قبول

کہاں نصیب تجھے سیر و طیر زاہدِ خشک
پرے ہے فہم وگمان سے بھی یہ مقام قبول

ہوا اُن کے رتبہ اعلیٰ کا کیا بشر سے بیان
عجب ہے شانِ قبول اور احترام قبول

پڑا ہے فکر میں دنیا و دین کے کیوں افسوںؔ
جو ہو گیا ہے دل و جان سے تو غلام قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

رہبر مقبلاں قبول الہ مظہرِ و اصلاں قبول الہ
کرلو افسوںؔ کو بندۂ درگاہ سرورِ عارفاں قبول الہ

گذرانیدہ غلامِ عقیدت مشحون منشی احمد حسین خان المتخلص افسوںؔ

قصیدہ

پیر کے در پہ جو کہ جاتے ہیں اپنے مقصود کو وہ پاتے ہیں
راہ توحید کی بتاتے ہیں جامِ وحدت ہمیں پلاتے ہیں
پھر محبت میں ہو کے ہم مدہوش جلوۂ یار دل میں پاتے ہیں
غیریت کھو کے آپ کو پانا راز کیا کیا ہمیں بتاتے ہیں
بہر تسخیر ہے نظر کافی راہ پر گمرہوں کو لاتے ہیں
جو کہ ہوتا ہے شاملِ محفل لذّتِ عشق اسے چکھاتے ہیں
ہادی دین مرشدِ کامل راہ سیدھی ہمیں بتاتے ہیں
ہے عجب فیض اِن کے باطن کا خود خدا سے ہمیں مِلاتے ہیں
کوئی پوچھے کہ رہنما ہیں کون لو تمہیں ہم ابھی دِکھاتے ہیں
شاہ مقبول حق قبول اللہ جن سے نعمت خدا کی پاتے ہیں

سب تصدُّق ہے پیر و مرشد کا
شیخ احمدؔ جو کچھ سناتے ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ارواح ثلاثہ حسن قبول ہر سہ غزل معہ رباعیات در مدح وثنائے حضرت پیر ومرشد برحق گوشہ نشین انجمن مطلق اعنی مولانا ومرشدنا حضرت سید قبول بادشاہ صاحب قبلہ حسینی الحسنی چشتی القادری گوشہ نشین اطلع اللہ انوارہ واتم اسرار ، من تصنیفِ لطیف مقبول بارگاہ ربِ اکبر مدّاح آل واصحاب پیمبرؐ ناظم فصاحت گستر شاعر بلاغت پرور مولانا مولوی حافظ محمد عمر صاحب المتخلص بہ نابینا ارفع اللہ کلامہ واعلیٰ مقامہ

غزل فارسی

ای شیخ اکمل بے ریا سلطان دیں یا مرشدی
سید قبولِ کبریا مسند نشیں یامرشدی

جلوت بخلوت کار تو' وحدت بکثرت یار تو
اللہ اکبر یار تو بینم چنیں یامرشدی

ای حاضر علم الیقین وی ناظر عین الیقین
ہذا ہو حق الیقین گویم ہمیں یامرشدی

میم محبت در احد احمد شدی شان صمد
تو مدِّظِلّ باشد و مد حصن حصیں یامرشدی

ناطق کلام انشائی تو مطلق حدیث املای تو
جانِ دو عالم جائ تو ہستی مکین یامرشدی

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

صد مشعلِ موسیٰ بکف جوہر کنی سنگ خذف

یا بمِ ز تو نوز شرف شمس مبیں یامرشدی

نابینا ام بینائی تو جانِ عزیزم جائے تو

روحُ القدس گویائی توکز جان قرین یامرشدی

ترجمہ: غزل فارسی

پیرِ کامل بے ریا سلطان دیں اے میرے مرشد

سید قبول کبریا مسند نشیں ن دیں اے میرے مرشد

جلوت میں خلوت آپ کا کام وحدت میں کثرت آپ کا نام

اللہ اکبر میں آپ کے دوستوں کو دیکھتا ہوں اس طرح اے میرے مرشد

علم الیقین رکھنے والے اور عین الیقین کے ناظر

میں کہتا ہوں حق الیقین ہے آپ اے میرے مرشد

آپ کا کلام ناطق آپ کی انشاء حدیث مطلق آپ کا اے میرے مرشد

دو عالم کی جان آپ میں رہتی ہے اے میرے مرشد

آپ کے ہاتھ سنگ ریزوں کو موسیٰؑ کے سو مشعلوں کے طرح کر دیتے ہیں

میں نے تجھ سے نور شرف پایا ہے آپ کی شمس مبین اے میرے مرشد

آپ کی نظر کے بغیر میں نابینا ہوں آپ کی نظر جان سے عزیز ہے

روح القدس کی طرح آپ کی گویائی ہے اور آپ ہیں میری جان سے قریب اے میرے مرشد

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی فارسی

قبولِ حضرت باری بود بحسن قبول
زہے قبولیت آمد ترا جزاک اللہ
بخلوت دل و جانم تو باش صدر نشین
خوش است جلوۂ تو لا الہ الا اللہ

ترجمہ: رباعی فارسی

قبول حضرت باری ہوئے حسن قبول
زہے نصیب آپ کو کو قبولیت ملی جزاک اللہ
میرے دل و جان کی خلوت میں آپ صدر نشین ہیں
بہت اچھا ہے جلوہ آپ کا لا الہ الا اللہ

رباعی

منزل حبل الورید از نَحْنُ اقرب یافتی
شمس کو نینی سر عرش معلٰے تافتی
سجہ گرانی دروں رشتہ زُنّار عشق
گوہرِ جان سفتۂ دامِ محبت بافتی

ترجمہ:

منزل حبل الورید نے پائی ہے نحن قرب سے
سرعرش، شمسِ کونینی کو آپ نے گرمادیا
؟؟ ؟؟ ؟؟ ؟؟
آپ نے گوہر جان کی نوک سے محبت کا جال بُنا ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

مقصد علم لدنی بسر و سینه تو
جلوه عین عیان صورت آئینه تو
دل بے کینه تو گوهر گنجینه تو
ماسوا بردَور زمن الفت دیرینه تو

ترجمہ: رباعی فارسی

علمِ لدنی کا مقصد آپ کے سینے اور دل میں ہے
آپ کی صورت میں آئینہ کی طرح جلوہ عین عیاں ہے
آپ کا بے کینہ دل آپ کے خزانے کا گوہر ہے
مجھ کو ماسوا کے اپنی الفتِ دیرینہ میں سی ہیں

رباعی

ضمیرِ عاشقِ صادق ز غیر نو خالی
وگر نه مد فضول است شکل امثالی
علی کمثلک والله فے الورا مالی
قبولِ شاهِ زمان مدظله العالی

ترجمہ:

عاشق صادق کا ضمیر آپ کے سوا سب سے خالی ہے
ورنہ فضول ہے ان کے سامنے شکل امثالی
واللہ اس جیسی مثال مستقبل میں بھی نہیں مل سکتی
قبول شاہ زمان مدظلہ عالی ہے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

غزل اُردو

مرشد صاحب کرامت بادشاہ سید قبول
وارث تاج خلافت بادشاہ سید قبول

سینہ اقدس میں ہے روشن چراغ میم و عین
مغنی سر ولایت بادشاہ سید قبول

شمس میم احمدی عین علیٰ بدرِ کمال
تم عرب ہو رب کی صورت بادشاہ سید قبول

آیت تطہیر ہے برزخ سراپا آپ کا
عطرت ختم رسالت بادشاہ سید قبول

بس رہی ہے چشم نابینا میں شان مرشدی
دیکھئے شکل حقیقت بادشاہ سید قبول

رباعی

بحق ناطق ترا دیدم چہ بینم نظم قرآں را
تو عبد رب نما ہستی ندانم جز تو یزداں را
پرستش می نماید ہندوی زلف بت جاں را
رخ پر نور تو قبلہ و کعبہ شد مسلماں را

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: رباعی فارسی

بحق ناطق میں نے تجھ کو دیکھا ہے نظم قرآن کو کیا دیکھوں
تو اللہ کے بندے کی طرح ہے میں تیرے سوا خدا کو نہیں جانتا
ہندو عبادت کرتے ہیں زلفِ بتِ جان کی
تیرا پرنور چہرا مسلمانوں کا قبلہ وکعبہ ہے

تشریح:

بولنے والے کے طفیل میں نے آپ کو دیکھا ہے لکھے ہوئے قرآن کو کیا دیکھوں یعنی آپ خود بولتا ہوا قرآن ہیں، آپ اللہ کے بندوں میں سے ہیں لیکن میں نے خدا کی موجودگی کے تصور کو آپ ہی سے سیکھا جس طرح خدا کی یکتائی ظاہر کی گئی مثالیں قرآن حکیم میں موجود ہیں اُسی طرح آپ کا وجود بھی کمال کی سرحدوں سے پرے ہے یعنی آپ کا وجود بھی خدا کی یکتائی ظاہر کرنے والی مثالوں میں سے ایک مثال ہے۔ مشرکین زلف بت جاناں کی عبادت کرتے ہیں اور جو بے کار ہے جب کہ آپ پُرنور چہرہ مسلمانوں کا قبلہ وکعبہ ہے یعنی آپ کا پُرنور چہرہ دیکھ کر کتنے دین اسلام میں داخل ہوجاتے ہیں یعنی اسلام میں داخل ہونے کا ذریعہ ہے آپ کا چہرہ۔ (مترجم)

رباعی

قم باذنی گفتنی کار مسیحا کردنی
کے محال آید ترا اعجاز موسیٰ کردنی
مشکل است آخر دل عالم بفرماں داشتن
لیکن این ہم پیشِ تو باید تماشا کردنی

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ:

قسم باذنی کہنا اور مسیحائی کا کام کرنا
آپ کو کیا مشکل ہے اعجاز موسیٰ کرنا
مشکل ہے آخر دل کے عالم پر حکم کرنا
لیکن یہ سبھی آپ کے لئے ایسا ہے جیسے تماشا کرنا

رباعی

زمفتاح کرامت فتح بابِ فضلِ مولا شد
قبولِ دعوتم برآستانہ ستان پاکِ زیبا شد
عزیزم! دارِ شاہا خاکِ پایت کحِل مَازَاغَ است
چہ باشد چشمِ نابینا دلِ نابینا بینا شد

ترجمہ: رباعی فارسی

فضل مولا سے کرامت کی کنجی نے فتح کا باب کھولا
آستانۂ پاک میں میری دعوت قبول اور پسند ہوئی
دوستو! شاہا کی خاک پا سرمۂ مازاغ ہے
آنکھ نابینا ہوں تو کیا ہوگا نابینا دل بینا ہوجائینگے

رباعیات اُردو

قبولیت کی بشارت ہے کلمہ گو کے لئے
کہ مغفرت کی بشارت ہے کلمہ گو کے لئے
مرادیائے بنے گر مرید شاہ قبول
یہ دل خدا کی عمارت ہے کلمہ گو کے لئے

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعیات اُردو

الم نشرح لک صدرک مرے مرشد کا سینہ ہے

دو عالم کے لئے دریائے رحمت کا سفینہ ہے

زباں قراں ناطق نفس کعبہ دل ہے عرش ان کا

ید اللہ دست قدرت قل ہو اللہ جان قرینہ ہے

رباعی اسم شریف "قبول" کے حروف کی تشریح

قاف سے قدرت و قسمت کا سرانجام ہوا

بے سے بسم اللہ قرآنِ مبینِ عام ہوا

واو سے وحدت ہوئی، لام سے اسلام ہوا

لفظ و معنی سے قبول آپ کا بس نام ہوا

رباعی

کنت کنزاً مخفی رب تھا انا کو دیکھ کر

پردۂ وحدت سے نکلا مصطفیٰ کو دیکھ کر

مرتضیٰ کی نسل سے ظاہر ہوا سید قبول

عینیت میں کر چکے سجدہ خدا کو دیکھ کر

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

بشر کی شکل میں آیا خدا رسول بنا
علی کا جسم لیا جوہر بتول بنا
ضیائے چشم حقیقت سے دیکھ نابیناؔ
حسینی الحسنی بادشاہ قبول بنا

غزل اُردو

حُسنِ قبول ہے مرا سید قبول پیر
شکل رسول ہے، میرا سید قبول پیر
شبّر کا دل حسین کی جان غوث رحجگر
نورِ بتولؓ ہے، میرا سید قبول پیر
مطلق کلام مصحفِ ناطق کے واسطے
شان نزول ہے، میرا سید قبول پیر
برحق ولی، بشر خیر الحدیث کا
امرِ شمول ہے، میرا سید قبول پیر
نابیناؔ قد عرف کی حقیقت سے رب کو دیکھ
اصل اصول ہے، میرا سید قبول پیر

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعیات اُردو

زمرۂ ابرار میں مشہور ہے سید قبول
عالم لاریب کا منصور ہے سید قبول
مظہر ذات مجرد شان غیب الغیب میں
میم احمد کا سراپا نور ہے سید قبول

رباعی

قادر کے خاندان میں تو گوشہ نشین ہوا
کعبہ میں دل کے قبلۂ دنیا و دین ہوا
احمدؐ کا میم عین علیؓ وحدہ کی ذات
عیسیٰ فلک پہ طور ہے موسیٰ مکین ہوا

رباعی

زبان پہ احمد مرسل کے تھا کلام قبول
علی کو کشف عطائے ملا مقام قبول
مریدِ خاص کو اللہ سے ہے سلام قبول
خدا قبول کرے بوالعجب ہے نام قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

رباعی

ظہورِ عشق سے جلوہ ہے حُسنِ باطن کا
وجود کل میں تماشا ہے خرد ممکن کا
قبولیت سے بڑھا افتخار مومن کا
قبول کیوں نہ ہو نام اپنے پیرِ محسن کا

رباعی

نفخت فیہ من روحی سے اعجاز مسیحا ہے
صدائے ارنی اضطراب شوق موسی ہے
الست اقرار ہے قالوا بلیٰ رکھ یاد نابینا
شہ سید قبول آدم میں اللہ ھو کا نقشہ ہے

مشتہر

مریدان عقیدت گزین و معتقدان سعادت آئین اغنی ابو یسٹ محمد یوسف خان و محمد حنیف و مرزا عبد العزیز بیگ

قصیدہ

زہے صورت کہ این صورت سراپائے رسول آمد
خوشا معنی کہ این معنی شہ سید قبول آمد
نثارِ نامِ پاکِ صد ہزاران جان جان باشد
صفات کبریا کز مقدمت مارا حصول آمد

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

چه برویت ہلالین طاق کعبه مد بسم اللّٰه
سجود فرض عین از من پیائی تو قبول آمد
لب معجز نمائے عیسوی کر قسم بِاِذْنِی شد
حیات جاویدانی مُرده دل را دَر وُصول آمد
ید اللّٰه فوق ایدیہم تو داستِ مصطفےٰ داری
که تنویرت سراج بزم عرفان را شمول آمد
کنون در خود کدام آمد چومی پرسم دلم گوید
شه سید قبول این قُرّةُ العینِ بتول آمد
توئی فیاض عالم پیر اکمل مرشد برحق
که فیضت برعروجِ قربِ زین شانِ نزول آمد
ضعیف و بینوایم بنده ام تازنده ام شاہا
نوائے شش جہت را ظل دامانت چه طول آمد
نسب حسنی حسینی شیخ حنفی قادری چشتی
که ذاتت ملت اسلام را اُصل اصول آمد

-- -- -- -- -- -- -- --

ہرآن کودرِ حضورت خسته جان خاطرملول آمد
جو نابینا عمر اسم محمد را اثر دارد
پئے چشمِ بصیرت رویتِ اقدس قبول آمد

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ترجمہ: قصیدہ

زہے صورت کہ اس صورت میں سراپا رسول آئے
بہت خوب کہ اس مفہوم میں شاہا سید قبول آئے
نام پاک پر سو ہزار جان سے نثار ہوں
صفات کبریا سے متصف ہمارے پیشوا ہم کو حاصل ہوئے
کیا ابروئے ہلالی ہے طاق کعبہ اور مد بسم اللہ ہے
مجھ سے فرض عین کے سجدے آپ کے قدموں پر قبول ہو
عیسی کے معجزاتی لبوں کی طرح باذنی ہوئے
مردہ دلوں کو حیات جاویدانی حاصل ہوئی
آپ کے ہاتھ پر مصطفےٰ ﷺ کا دست مبارک ہے ید اللہ فوق اید ہم کی طرح
چراغ بزم عرفان کو تیرا نور حاصل ہوا
میں نے اپنے دل سے پوچھا کہ مجھ میں کو آئے تو میرے دل نے کہا
یہ شہ سید قبول قرۃ العین بتول آئے
آپ فیاض عالم، پیر اکمل اور مرشد برحق ہیں
کہ آپ کے فیضِ قرب سے خوب عروج اور شان نازل ہوئی
میں ضعیف و بےنوا ہوں مگر شاہا آپ کا غلام ہوں
چھ جہتوں کی نوا کے لئے آپ کے دامن کا طولانی سایہ ہے
حسنی و حسینی نسب، شیخ حنفی، قادری و چشتی ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کہ آپ کی ذات ملت اسلامیہ کے لئے حاصل اصل ہے

ہر آن آپ کے حضور میں خستہ جان خاطر ملول آئے

جیسے نابینا عمر کے لئے اسم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اثر رکھتا ہے

آپ کے چہرہ کی قوۃ بینائی کی بصیرت سے قبول ہو

قصیدہ درمدح شاہباز لامکان طریقت یکتاز میدان شریعت

حضرت سید شاہ قبول بادشاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی

از: مولوی حفیظ اللہ صاحب حفیظؔ

زہے انعام رب از توقرین است

که پیر' راہبر اے دل ہمین است

کدامی آن که نامش شاه قبول

که شاه ملکِ تقوی و یقین است

زباطن اسم محبوب الٰہی

که جب او بدل از فرض دین است

فرید بے حجاب در است گوئی

بعرفان و حقیقت دُوربین است

به توحید و توکل یک سواره

به کنج خوش دلی عزلت گرین است

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

دلش مملو ز اسرارِ حقیقت
نقود گنج غیبی را آئین است
به ایثار و کرم ابر گہر بار
ظہورِ شان رب العالمین است
جبین فرسا زِ شرف خدمت او
مُلک بر آستانش این چنین است
شه فقر و فنا گنجینۂ صدق
دُرِ شہوارِ دریائے یقین است
دلش تفسیر لا خوفٌ علیہم
که فارغ از غم دنیا و دین است
خرابات حقیقت را قلندر
شریعت را امام المتقین است
از و مضبوط شد سر طریقت
از و محکم شده ہر کار دین است
برات قسمت خود ہر کے یافت
جہانے خرمنش راخوشه چین است
چو احکام شریعت شد مکانش
سِرِ سِرِّطریقت رامکین است

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

خوشا دریائے اسرارِ کمالش
که ہر سِرّ ازو دُرِّثمین است
ز ہر گونه کمالش بہره خاص
نشانِ اولین و آخرین است
ندارم مثل تو پیرِ طریقت
کسے چون تو ندانم بر زمین است
حفیظیؔ دم زن از عشق حقیقی
چو پیرت قبلهُ دُنیا و دین است

ترجمہ: قصیدہ درمدح شہباز لامکان طریقت۔۔۔۔

یہ ہے انعام رب کے آپ جیسے ہم نشین ہے
کہ پیرِ رہبر ہمارے دل میں مقیم ہے
وہ کون ہے کہ جن کا نام قبول بادشاہ ہے
کہ وہ مُلاتقوی اور یقین کے بادشاہ ہیں
منفرد و بے حجاب و راست گو ہے
عرفان وحقیقت میں گہری نظر رکھنے والے ہیں
توحید و توکل میں پختہ ہیں
خوش دلی کا خزانہ اور غزلت نشین ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

ان کا دل اسرار و حقیقت سے پُر ہے
خزانۂ غیبی کی نقد کے کا امین ہیں
ایثار و کرم میں، جواہر کی بارش کے مانند ہیں
ان کا ظہور رب کی جلوہ نمائی ہے
ان کی خدمت کے لئے اپنی جبین بچھائے ہوئے
اس طرح فرشتے ان کے آستانے پر ہیں
شہ فقر و فنا اور صدق کا خزانہ ہیں
دریائے یقین کی دریا کا در شہوار ہیں
ان کا دل لاخوف علیہم ہے کی تفسیر ہے
جو کہ دین و دُنیا کے غم سے آزاد ہے
حقیقت کے خرابات کے قلندر ہیں
اور شریعت کے امام المتقین ہیں
اِن سے طریقت کا راز مضبوط ہوا ہیں
اور ان سے دین کا ہر کام محکم ہوا ہیں
اپنی قسمت کا لکھا تو ہر کوئی پاتا ہے
ایک دنیا ان کے انبار سے اپنا حصہ لیتی ہے
ان کے مکان جب احکام شریعت سے پُر ہوئے
اور اس (مکان) میں اسرار طریقت موجود ہیں

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

کیا خوب ان کے اسرار کے دریا کے کمالات ہیں
کہ ہر راز ان کا دُرِ ثمین (قیمتی موتیوں کی طرح) ہے
ان کا ہر گونہ کمالِ خاص ہے
اوّل و آخر کا نشانِ علامت ہے
میں آپ کی طرح پر طریقت نہیں رکھتا اے پیر و مرشد
اور زمین پر کسی کو بھی آپ جیسا نہیں (جانتا) ہے
حفیظی عشقِ حقیقی میں دم مار
ایسے پیر کیونکہ قبلہ دُنیا و دین ہیں

غزل عشقیہ منجانب میر انصر علی صاحب المتخلص بہ عاشق

ساقی میکدۂ وحدت جاناں ہے یہی
پیر و پیرِ مغان مرشد رنداں ہے یہی
مصحف رخ ہے یہی آیت قرآں ہے یہی
یہ جو صورت ہے تیری صورت رحماں ہے یہی
ڈھونڈتا پھرتا ہے کیوں رہبرِ حق کو اے دل
قبلہ دین ہے یہی کعبۂ ایماں ہے یہی
منزلیں ہوتی ہیں دیوانگیٔ عشق میں طے
رہبرِ اہل جنوں خضرِ بیاباں ہے یہی

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

نیم بسمل کے لئے ایک نظر کافی ہے
تیر و پیکان ہے یہی قتل کا ساماں ہے یہی

جام پر جام دیئے جامیٔ باقی کا مجھے
تشنہ کامی میری ساقی تیرا فیضاں ہے یہی

دُور کر یوں نہ کبھی جنبشِ دامن سے مجھے
خاک اس سوختہ جاں کی سرِ داماں ہے یہی

کوئی پوچھے تو بتادے زرہِ لطف قبول
میرا عاشق ہے یہی میرا غزل خواں ہے یہی

بوقت طبع ایک قصیدہ حافظ نابینا صاحب اور ایک قصیدہ مولوی حفیظ اللہ صاحب و ایک غزل عشقیہ میر انصر علی صاحب تعلقدار آبکاری بلدہ حاصل ہوئی۔ لہٰذا شریک کئے گئے۔

المشتہر

مرید عقیدت گزین محمد سرفراز علی عفی عنہ

مہر چرخ وفا ہے آپ کی ذات
ماہ برج عطا ہے آپ کی ذات

در درج حیا ہے آپ کی ذات
لعلِ کانِ سخا ہے آپ کی ذات

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

فضل و الطاف و بذل کا منبع
حق نے پیدا کیا ہے آپ کی ذات
مرشد و زاہد و نماز گذار
عاشقِ کبریا ہے آپ کی ذات
خلق حاجت نہ آپ سے کیوں پائیں
حلق کی مدعا ہے آپ کی ذات
کیوں نہ روشن چراغ دکن ہو
سلطنت کی ضیا ہے آپ کی ذات
غرق تو فکر میں ہے کیوں راسخ
سب کی حاجت روا ہے آپ کی ذات

قصیدہ

ہے رشکِ تختِ سلیمان سریر شاہ قبول
کتاب مقصدِ عرفان ضمیر شاہ قبول
میں دل کے ہاتھ میں قرآن اُٹھا کے کہتا ہوں
قسم خدا کی نہیں ہے نظیر شاہ قبول
ازل سے رب کو تھا افشائے معرفت منظور
مجھے جہاں میں بنایا دبیر شاہ قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

مجازی آپ کے والد ہیں حق نمائے طریق
حقیقی احمد مرسل ہیں پیر شاہ قبول

کمندِ زلفِ مشیت میں جب پھنسا دل زار
خطاب خاص یہ بخشا اسیر شاہ قبول

نبی کی طینتِ اطہر سے لے کے خاکِ لطف
خدا نے ہاتھ سے گوندا خمیر شاہ قبول

بھلی ہے حق میں میری دو جہاں کی دولت سے
رہوں مریدوں میں بن کر فقیر شاہ قبول

نبی کے امتی افضل خدا کے بندۂ خواص
ہیں خلو مانِ صغیر و کبیر شاہ قبول

ہمارا تودۂ دل بن گیا نشانہ عشق
کمان سے حسن کے چھوٹا جو تیر شاہ قبول

سنا ہوں ہوں اگلے زمانے سے اصفیائے سلف
تھے نسل غوث میں اکثر بشیر شاہ قبول

چراغ لاکھوں ہیں جلوہ نہ کم ہونا بینا
وہ پُرضیا ہے سراجِ منیر شاہِ قبول

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

قصیدہ

الف اللہ احد احمد بنا بے میم سرمد کا
جو سر رشتہ ہوا شیرازۂ دیوان ابجد کا
سراپائے رسول اللہ وُجودِ ذاتِ مطلق ہے
یہ دریا ہے ظہور کُنْ فکان جزر اور مد کا
خلاصہ جز و کل کا ہے نبی ﷺ کا برزخ عالی
جسد بے سایہ ہے ظل خدا اس ذات ابجد کا
عناصر چار ارکان چار چار اطراف عالم میں
نبی کے چار خلفہ سے اثر ہے فیض آن حد کا
وہ شان پنجتن صل علی قرآن ناطق ہے
وثیقہ بن گیا جن کی صفت میں کلمہ احمد کا
کمال آیتِ تطہیر ان کا جسم اطہر ہے
یداللہ نقش قدرت ان کی ہے دست مجرد کا
خدا کا نور بنجانا بشر کی شکل میں آنا
یہ ادنیٰ ہے کرشمہ عطرتِ سلطانِ ارشد کا
حقیقت کا جو چمکا آفتاب اس قصر ممکن پر
دکھایا جلوۂ واجب جہاں کو نیک اور بد کا

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

علومِ کنت کنزاً علی باب مدینہ ہے
کہ لاکھوں وجہ سے جاری ہے فیض اس ذاتِ اسعد کا
امام اول اور معصوم ثانی خاتم الخلفاء
لقب ہے ساقیٔ کوثر کے اسمائے مشید کا
انہیں کی نسل میں سرِّ خفی حسنینؓ تک پہنچا
دو شاخہ بن گیا شجرہ یہ گلزارِ مجد کا
حسینی شاخ سے نو گل کھلے بارہ اماموں کے
حسن کے باغ میں غوث الوریٰ ہمرنگ ہے جد کا
پدر اولاد شبّر مادری شبیر سے نسبت
علی کی بوُ نبی کا رنگ لایا غنچہ مولد کا
محی الدین جیلان بو محمد عبدِ قادرؒ کو
عطا ہے خاص منصب قدرت خلاق آں حد کا
معین الدین حسن ہند الولی چشتی حسینی ہیں
حبیب اللہ خطِ لوحِ جبین ہے نقش جس قد کا
اِنہیں دونوں پہ ہے تقسیم دو میم محمد کی
محی الدین معین الدین میں ڈھب ہے اصل مقصد کا
یہ چشتی قادری شمس و قمر ایجاد و تکوین کے
انہیں دو نور سے روشن ہے کوکب فرق فرقد کا

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

جمال اِن سے جلال اُن سے مقام اِن میں کلام اُن میں
مکین ان کا مکان اُن کا سبب ولیوں کی آمد کا

خصوصاً ان دنو عالم پہ ظلمت ہے ذلالت کی
شہہ سید قبول آئے تو چمکا نور سرمد کا

مکرم عالم و فاضل، معظم عارفِ کامل
عرب ہے عبد میں شامل نشان نام ابوجد کا

تحیّت میں سجود ان کا عبادت میں قعود ان کا
سلام ان کا دُرود ان کا یہ سِرّ ہے امر مُسند کا

یہ قطرہ ابر نسیانِ کرم کا بحرِ وحدت میں
ازل سے جوہر اصلی ہے امثال مجدد کا

حبابِ موج فانی ہے بظاہر ہمدمِ آدم
ولیکن گنج مخفی میں ہے باقی نور احمد کا

یہ شان مرشد والا شان قل ھو اللہ ہے
عجب فردِ یگانہ ہے بشر تفرید مفرد کا

خدا کو پا کے خود کو دیکھنا ان کو سمجھ لینا
معمہ کیا ہے نابینا ضعیف و طفل و امرد کا

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad

Courtesy: Dr. Syed Abdul Mohaimin Quadri. Digitization eGangotri

Irshadaat-e-Qubool

Hazrat Haadi-E-Deccan, Library & Research Institute, Hyderabad